بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

Email: guldastabahar@gmail.com

روزنامہ

گلدستہ بہار کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر: کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز جمعہ 9 اکتوبر 2026ء / 26 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 271

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی 13 سالہ حکمرانی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، امیر مقام

صوبے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل، امن وامان کی بہتری اور موثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے

صوبائی حکومت کے پاس اپنی 13 سالہ کارکردگی کے طور پر پیش کرنے کے لئے کوئی قابلِ ذکر کامیابی نہیں صوبے کا بنیادی مسئلہ ابتر گورننس ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی 13 سالہ حکمرانی، کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، خیبر پختونخوا کے عوام کو درپیش مسائل کے حل، امن وامان کی بہتری اور موثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی گزشتہ 13 سالہ حکمرانی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور صوبائی حکومت پر عوامی مسائل سے عدم توجہی کا الزام عائد کیا ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کو مسلسل 13 سال سے اقتدار حاصل ہے، تاہم اس کے باوجود صوبے اور عوام کے حقیقی مسائل پر صوبائی قیادت اور وزیراعلی کی توجہ دکھائی نہیں دیتی (باقی صفحہ 2 نمبر1)

صدرِ مملکت کو وفاقی محتسب کی سالانہ رپورٹ 2025 پیش

تقریباً 88 فیصد شکایات قانونی طور پر مقررکردہ 60 روزہ مدت کے اندر نمٹا دی گئیں

اسلام آباد (پ ر) وفاقی محتسب جناب نوید کامران بلوچ نے ایوانِ صدر میں صدرِ مملکت جناب آصف علی زرداری سے ملاقات کی اور انہیں سال 2025ء کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ وفاقی محتسب نے صدرِ مملکت کو ادارے کی کارکردگی اور عوام کو انتظامی انصاف تک بہتر رسائی (باقی صفحہ 2 نمبر2)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی حکومت اور بی آر ایس پی کے اشتراک سے شروع کردہ پروگرام "رائز بلوچستان" کے تحت تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، عوام کی تکلیف کا احساس ہے، وزیر پیٹرولیم

پیٹرولیم لیوی نان ٹیکس ریونیو ہے، پیٹرولیم لیوی پر پارلیمینٹیریز کا ووٹ نہیں ہے، پیٹرولیم لیوی ایگزیکٹو کے ہاتھ میں ہے، سید نوید قمر

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر بریفنگ دی

اسلام آباد (اے این این) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کو بریفنگ دیتے ہوئے ... کے سوالات کیے گئے، وزیر پیٹرولیم علی پرویز نے کہا کہ ... نہیں ہوا، ہمیں معلوم ہے احساس بھی ہے کہ عوام تکلیف میں ہیں۔ رکن کمیٹی سید نوید قمر نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی نان ٹیکس ریونیو ہے، پیٹرولیم لیوی پر پارلیمینٹیریز کا ووٹ نہیں ... کے ہاتھ میں ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے جواب دیا کہ پیٹرولیم لیوی کے اہداف بجٹ میں مختص ہیں، ملٹی لیٹرل پارٹنر کے بغیر لیوی کے ہدف میں تبدیلی نہیں کر سکتے، ہم نے کچھ نہیں چھپایا ہر چیز اوگرا کی ویب سائٹ پر موجود ہے، پیٹرولیم لیوی 80 روپے کی حد تک وصول کی جا رہی۔ رکن کمیٹی معین عامر پیرزادہ نے مطالبہ کیا کہ عوام تنگ ہیں تیل کی قیمتوں پر غور کیا جائے۔ وزیر پیٹرولیم نے (باقی صفحہ 2 نمبر3)

قومی سطح پر کارآمد ڈیٹا کی ایک جگہ فراہمی ملکی معاشی ترقی میں معاون ثابت ہوتی ہے، شہباز شریف

وزارتوں کی کارکردگی اور اعداد وشمار کی ڈیجیٹائزیشن کرپشن اور ادارہ جاتی بدنظمی کے سدباب میں اہم ہے، تمام وفاقی وزارتیں مقررہ مدت میں متعلقہ ڈیٹا کو ڈیجیٹائز کرنے کا عمل مکمل کریں

ڈیجیٹل حکومتی خدمات، ڈیجیٹل معیشت اور عوامی سہولت کے لیے خصوصی اقدامات جاری ہیں ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے تحت قومی سطح کا مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت دی ہے کہ تمام وفاقی وزارتیں متعلقہ اعداد وشمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کیلئے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے نفاذ پر پیشرفت جائزہ اجلاس ہوا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے تحت قومی سطح کا مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا، وفاقی وزارتوں کی ذمہ داریاں کارکردگی (باقی صفحہ 2 نمبر5)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ڈیجیٹل نیشن پاکستان اقدام پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دیہی خواتین کو کاروباری طور پر بااختیار بنانے کے لیے خصوصی تقریب 15 اکتوبر کو ہوگی

خواتین کو کاروباری مواقع، سرمایہ کاری اور مارکیٹ تک رسائی کی معلومات فراہم کی جائیں گی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے دیہی علاقوں کی خواتین کو کاروباری لحاظ سے بااختیار بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیراہتمام دیہی خواتین کی کاروباری تربیت اور آگاہی کیلئے 15 اکتوبر کو ایک خصوصی (باقی صفحہ 2 نمبر4)

دکی میں بی ایس ڈی آئی کے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ، تعمیراتی معیار کا جائزہ

ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال کے ہمراہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ضلع دکی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا اور تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور رفتار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اور (باقی صفحہ 2 نمبر6)

زیارت میں غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

اساتذہ کی حاضری اور کارکردگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس: غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی، اسکولوں کی نگرانی کے لیے کمیٹیاں تشکیل، اساتذہ کی حاضری اور کارکردگی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی (باقی صفحہ 2 نمبر7)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی وزارتِ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان، آئی ایم ایف کے مابین سٹاف لیول معاہدہ طے پاگیا

پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر ملیں گے، آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ منظوری دے گا، اعلامیہ جاری

مہنگائی، توانائی کی قیمتوں، قرضوں اور عالمی وعلاقائی غیر یقینی صورتحال کے باعث اصلاحات کا عمل جاری رکھنا ناگزیر ہے، فنڈ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مابین دو پروگراموں میں ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کا سٹاف لیول معاہدہ طے پاگیا۔ پاکستان کو ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی کے چوتھے جائزے کے تحت ایک ارب ڈالر جبکہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی کے تحت 21 کروڑ ڈالر ملیں گے، دونوں پروگراموں کے تحت مجموعی رقوم 5 ارب 70 کروڑ ڈالر ہو جائیں گی۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کے ساتھ اقتصادی جائزہ مذاکرات کا اعلامیہ جاری کر دیا جس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ ہوگیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق معاہدے (باقی صفحہ 2 نمبر34)

ایران کی فوج تباہ ہو چکی، یہ جنگ جلد ختم ہو جائے گی، ٹرمپ

امریکا ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا، امریکی صدر

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ... اور تیل کی قیمتیں گرنے والی ہیں۔ ٹرمپ نے ٹیکساس میں ایک (باقی صفحہ 2 نمبر10)

کوئٹہ، موسم سرما میں سرکاری دفاتر کے نئے اوقاتِ کار کا اعلان

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں سرکاری دفاتر کے سردیوں کے نئے اوقاتِ کار کا اعلان کر دیا گیا، جس کا اطلاق 15 اکتوبر 2026 سے 14 اپریل 2027 تک ہوگا۔ حکومتِ بلوچستان نے صوبے کے سرکاری محکموں کیلئے (باقی صفحہ 2 نمبر9)

پشاور ہائیکورٹ، لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال، وزیراعلیٰ سے جواب طلب

پشاور ہائیکورٹ نے سیاسی اجتماع، جلسے اور جلوس کے دوران سرکاری وسائل پر پابندی عائد کی تھی، درخواست گزار

پشاور (اے این این) پشاور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں ہیلی کاپٹر اور سرکاری وسائل استعمال کرنے کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو نوٹس جاری کر کے جواب (باقی صفحہ 2 نمبر8)

آبنائے ہرمز سے متعلق پیشرفت، ایران اور عمان کا محفوظ بحری راستوں پر اتفاق

تہران (جی این ایم) ایران اور عمان نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کے لیے مخصوص محفوظ بحری راستوں (باقی صفحہ 2 نمبر33)

مولانا فضل الرحمان چاہتے ہیں پی ٹی آئی اور حکومت میں مذاکرات ہو جائیں، سینیٹر کامران مرتضیٰ

ملک کی موجودہ صورتحال میں بہتری کیلئے یہی بہتر ہے کہ مذاکرات کیے جائیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کی خواہش ہے کہ پی ٹی آئی اور حکومت میں کسی طرح مذاکرات ہو جائیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی موجودہ صورتحال میں بہتری کیلئے یہی بہتر ہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر32)

ژوب، ڈی آئی خان روڈ پر شیرانی کے قریب مسلح افراد کا ناکہ، مسافروں کے شناختی کارڈز چیک کیے

سیکیورٹی فورسز کی بروقت روانگی پر ملزمان قریبی پہاڑوں کی طرف فرار، مرکزی شاہراہ ٹریفک کے لیے بحال

ژوب (یو این اے) ژوب اور ڈی آئی خان روڈ پر حسوبند کے مقام (شیرانی) پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ لگا کر گاڑیوں کی کڑی چیکنگ کی۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے رات 8 بجے سے 10 بجے تک شاہراہ پر آنے جانے والی گاڑیوں کو روکا اور اس دوران (باقی صفحہ 2 نمبر31)

کوئٹہ، امن وامان کی ابتر صورتحال پر جے یو آئی کوئٹہ کا جمعہ کو امن ریلی نکالنے کا اعلان

شہر میں بدامنی اور بڑھتے ہوئے جرائم پر قابو پایا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں مجلس عمومی کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس کی جانب سے پیش کردہ ایجنڈے کے مطابق مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران حافظ شبیر احمد (باقی صفحہ 2 نمبر11)

خواتین کو معاشی اور سماجی میدان میں آگے لانا حکومت کی ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

تشدد کا راستہ ترک کرنے والے نوجوانوں کے لیے ریاست کے دروازے کھلے ہیں، نوجوانوں کو تعلیم، روزگار، کاروبار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے

نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے ذریعے ختم کیا جائے گا، حکومت ہنرمند گریجویٹس کو بلاسود قرضے اور کاروباری معاونت فراہم کرے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود خلیج کو تعلیم، ہنرمندی، روزگار، میرٹ اور بامعنی مکالمے کے ذریعے ختم کیا جائے گا۔ حکومت نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کے بجائے قانونی معیشت کا حصہ بننے کے لیے مواقع، وسائل اور رہنمائی فراہم کر رہی ہے حکومت کا مقصد صرف نوجوانوں کو تربیت دے کر سرٹیفکیٹ دینا نہیں بلکہ انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، حکومت بلوچستان ہنر سیکھنے والے نوجوانوں کو سازگار ماحول، بلاسود قرضے، کاروباری معاونت اور مسلسل رہنمائی فراہم کرے گی تاکہ وہ اپنے علاقوں میں یا ملک کے کسی بھی حصے میں باعزت کاروبار شروع کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں محکمہ صنعت و تجارت حکومت بلوچستان اور بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر12)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا تربیتی سیشن: افسران اور عملے کی استعدادِ کار میں اضافے پر زور

اکاؤنٹس، ٹیکسیشن اور آئی ٹی آپریشنز: بی آر اے کا ایک روزہ تربیتی سیشن کامیابی سے منعقد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے افسران اور متعلقہ عملے کی استعدادِ کار میں اضافے اور عملی رہنمائی کے لیے اکاؤنٹس، ٹیکسیشن اور آئی ٹی آپریشنز کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔ تربیتی سیشن میں SAP ڈیٹا، ٹیکس دہندگان کو (باقی صفحہ 2 نمبر30)

پی ٹی آئی سیاسی جماعت ہے، اس کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کرتا، کیپٹن (ر) صفدر

مذاکرات کا سلسلہ کسی صورت بند نہیں ہونا چاہیے، غیر مشروط مذاکرات نہیں ہوتے، میڈیا سے گفتگو

ایبٹ آباد (اے این این) کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی جماعت ہے، اس کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کرتا، پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے خیبر پختونخوا کے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ لانگ مارچ کے باعث بچوں کو سکول جانے میں مشکلات جبکہ مریضوں کو ہسپتال پہنچنے میں دشواری ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر13)

ٹیکس دہندگان کے مسائل کے حل پر زور: بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا اہم اجلاس منعقد

ایف بی آر طرز پر بی آر اے متحرک: ٹیکس دہندگان کی سہولت اور شکایات کے بروقت ازالے کا عزم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں فون کالز، آن لائن پورٹلز اور ای میلز کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور شکایات کے اندراج، کارروائی او (باقی صفحہ 2 نمبر14)

سپیکر قومی اسمبلی کا 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان میں 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ جمعرات کو اپنے پیغام میں انہوں نے فتنہ الخوارج کے 4 اہم دہشتگرد کمانڈروں (باقی صفحہ 2 نمبر15)

اسلام آباد: وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ صدر مملکت آصف علی زرداری کو سالانہ رپورٹ 2025 پیش کر رہے ہیں

پنجگور میں گھر پر دستی بم حملہ اور مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں پنجگور کے علاقے خدابادان میں گھر پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے دستی بم حملے اور فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد نے پولیس اہلکار پیرجان (باقی صفحہ 2 نمبر28)

وفاقی آئینی عدالت: وزیراعلیٰ کے پی کو نااہل قرار دینے کی درخواست سماعت کے لیے مقرر

شیر افضل مروت نے سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ بنانے کا اقدام چیلنج کیا ہوا ہے

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو نااہل قرار دینے کی درخواست سماعت کے لیے مقرر کردی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے کیس 15 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر کیا ہے، چیف جسٹس امین الدین خان (باقی صفحہ 2 نمبر29)

اپوزیشن قائدین نے مذاکرت کو عمران خان سے ملاقات سے مشروط کردیا

اپوزیشن لیڈرز محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد پر بھی بات چیت کی

اسلام آباد (اے این این) اپوزیشن لیڈرز محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں مذاکرات سے متعلق بات چیت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر16)

ایف بی آر کی مانیٹرنگ کمپنیاں اب سیلز ٹیکس چوری روکیں گی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (جی این ایم) آئی ایم ایف کے اہداف کے مطابق سیلز ٹیکس کی چوری روکنے اور بہتر وصولی کیلئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق پیکٹ میں بند چائے کی پتی، گھی اور خوردنی تیل کی فیکٹریوں اور کارخانوں کی مانیٹرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر17)

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف

جیلوں میں قیدیوں کی بڑھتی تعداد کے مسئلے پر حکومت غور کر رہی ہے، ساجد بیگ

راولپنڈی (جی این ایم) اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ ساجد بیگ نے جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف کیا ہے۔ بیان کے مطابق سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل ساجد بیگ کا کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل میں اس وقت تقریباً 8 ہزار قیدی موجود ہیں۔ ان کا کہنا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر18)

مولانا فضل الرحمان کی حکومت اور اپوزیشن کے مابین ثالثی کیلئے مشروط آمادگی

اسلام آباد (جی این ایم) مذاکراتی عمل میں ڈیڈلاک کے پیش نظر پی ٹی آئی اور حکومت سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمان کو ثالث بنانے پر تیار ہیں تاہم مولانا فضل الرحمان نے ثالث بننے کیلئے مشروط آمادگی ظاہر کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت اور اپوزیشن (باقی صفحہ 2 نمبر26)

مولانا فضل الرحمان کا وزیراعظم سے جلد رابطے کا امکان

حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثنا اللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف اور جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف (باقی صفحہ 2 نمبر27)

اسحاق ڈار سے بحرینی ہم منصب کی ملاقات، تجارت وسرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے بحرینی ہم منصب نے اہم ملاقات کی ہے، جس میں دونوں ممالک کے مابین تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق (باقی صفحہ 2 نمبر19)

چینی شہریوں کے اغوا اور ڈکیتی کیس، 3 ملزمان کی ضمانتیں خارج

درخواستِ ضمانت خارج ہونے والے ملزمان میں عمر حیات، عثمان اور حارث مظہر شامل

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے چینی شہریوں کے اغوا اور ڈکیتی کیس میں 3 ملزمان کی ضمانتیں خارج کر دیں۔ انسداد دہشتگردی (باقی صفحہ 2 نمبر20)

پاکستان میں اس وقت طاعون کے پھیلنے کا رسک بہت کم ہے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں اس وقت طاعون پھیلنے کا رسک بہت کم ہے۔ اپنے ایک بیان میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ روس کے شہر سائبیریا میں طاعون کے مشتبہ کیس پر عالمی ادارہ صحت کو بھی صورت حال سے مکمل (باقی صفحہ 2 نمبر25)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے ایوان صدر میں بحرین کے وزیرخارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، آئی ایم ایف کی مشن چیف ایوا پیٹرووا، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان خطے میں غربت کا سب سے بڑا مرکز بن چکا، حکومت نے رپورٹ مسترد کردی

پاکستان میں غربت کی شرح میں حالیہ اضافہ ایک وسیع تر عالمی رجحان کا حصہ ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کے معاشی مشیر خرم شہزاد نے عالمی بینک کی رپورٹ کو گمراہ کن قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق ورلڈ بینک نے اپنی ایک تجزیاتی رپورٹ میں خطے کے غریب ترین افراد پاکستان میں ہونے سے متعلق (باقی صفحہ 2 نمبر21)

دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے، انتونیو گوتریس

افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیرداخلہ اور وزیرمملکت طلال چوہدری سے اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی ملاقات، عالمی وعلاقائی صورتحال اور امن مشنز کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی اور وزیرمملکت طلال چوہدری سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عالمی وعلاقائی صورتحال اور امن مشنز کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے امن (باقی صفحہ 2 نمبر23)

ایڈیشنل سیشن جج کے لاپتہ ہونے کا واقعہ، بلوچستان بار کونسل کا عدالتوں سے بائیکاٹ کا اعلان

واقعہ کی فوری تحقیقات کرکے جج کو بازیاب اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، بار کونسل کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بار کونسل نے ایڈیشنل سیشن جج کے مبینہ طور پر لاپتہ ہونے کے واقعے کے خلاف آج (باقی صفحہ 2 نمبر22)

سکیورٹی فورسز کا شمالی وزیرستان میں آپریشن، 9 دہشتگرد ہلاک

فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشت گرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں

متعدد ٹھکانے تباہ، بھاری اسلحہ، گولہ بارود برآمد، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیرداخلہ محسن کا خراج فورسز کو تحسین

راولپنڈی (جی این ایم) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج جہنم واصل کر دیئے۔ سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ، کوٹ خضری میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں کیں، فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشت گرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ (باقی صفحہ 2 نمبر24)

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com

روزنامہ گلدستہ بہار کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

ایڈیٹرانچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

سندھ حکومت تھرپار

ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ مولانا قاری محمد حنیف حقانی نے کہا ہے کہ 73ء کے متفقہ آئین کی اسلامی شقوں پر کوئی عملدرآمد نہیں کیا جارہا جس سے منکرین ختم نبوت قادیانی فتنہ کی نہ صرف اسلام وآئین پاکستان دشمن سرگرمیوں میں اضافہ ہورہا ہے بلکہ قادیانی کھلم کھلا آئین کی اسلامی شقوں کی دھجیاں اُڑا رہے ہیں۔ لاہور جامعہ خیرالعلوم میں منعقدہ درس ختم نبوت سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا تھر پارکر میں سندھ حکومت کی کمزوری کی وجہ سے قادیانی فتنہ کو سہولت مل رہی ہے کہ وہ غریب عوام کو امداد کے ذریعہ سے اپنی تبلغ کرکے سادہ لوح مسلمانوں کو کافر مرتد بنا رہے ہیں جس سے مسلمانوں کے اندر شدید اشتعال پیدا ہورہا ہے حکومت امتناع قادیانیت ایکٹ پر مکمل ومئوثر عملدرآمد کراتے ہوئے قادیانی فتنہ کی ارتدادی ناپاک سرگرمیاں روکے کیونکہ اسلام کے بنیادی عقیدہ ختم نبوت وناموس رسالتؐ کا تحفظ سراسر دینی وآئینی تقاضا ہے حکومت وقت آئین کی اسلامی شقوں پر عملدرآمد کراتے ہوئے قادیانیوں کی اسلام وپاکستان دشمن سرگرمیوں کا سختی سے سخت نوٹس لے کران کیخلاف قانونی کارروائی کرے جو اس کا فرض منصبی ہے۔ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ مولانا قاری محمد حنیف حقانی نے کہا ہے کہ 73ء کے متفقہ آئین کی اسلامی شقوں پر کوئی عملدرآمد نہیں کیا جارہا جس سے منکرین ختم نبوت قادیانی فتنہ کی نہ صرف اسلام وآئین پاکستان دشمن سرگرمیوں میں اضافہ ہورہا ہے بلکہ قادیانی کھلم کھلا آئین کی اسلامی شقوں کی دھجیاں اُڑا رہے ہیں۔

بقیہ 1

۔ان کا خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہنا تھا کہ صوبے میں روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردی اور دیگر ناخوشگوار واقعات پیش آ رہے ہیں، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔امیر مقام نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اقتدار میں آنے سے قبل عوام سے بڑے بڑے وعدے کیے تھے، تاہم آج اس کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں، انہوں نے سوال کیا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں خیبر پختونخوا کے عوام کو کیا ریلیف ملا؟۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کے پاس اپنی 13 سالہ کارکردگی کے طور پر پیش کرنے کے لئے کوئی قابلِ ذکر کامیابی نہیں، جبکہ صوبے کا بنیادی مسئلہ ابتر گورننس ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی قیادت عوامی مسائل کے حل کے بجائے سیاسی نعرے بازی اور سوشل میڈیا ویڈیوز تک محدود ہو کر رہ گئی ہے، جبکہ خیبر پختونخوا کے عوام کو درپیش مسائل کے حل، امن وامان کی بہتری اور موثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔

بقیہ 2

فراہم کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی۔انہوں نے بتایا کہ سال 2025ء میں ریکارڈ 2 لاکھ 61 ہزار 101 شکایات کا ازالہ کیا گیا، جبکہ سال 2024ء میں 2 لاکھ 23 ہزار 198 شکایات نمٹائی گئی تھیں۔شکایات کے فیصلوں پر عمل درآمد کی شرح 96.8 فیصد رہی۔وفاقی محتسب نے ادارے کی خدمات کو ملک کے 28 شہروں تک وسعت دینے، بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے ون ونڈو سہولت ڈیسک قائم کرنے اور دیگر اقدامات پر بھی روشنی ڈالی۔انہوں نے بتایا کہ تقریباً 88 فیصد شکایات قانونی طور پر مقرر کردہ 60 روزہ مدت کے اندر نمٹا دی گئیں۔صدر مملکت نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارہ عوام کی خدمت کے لیے ایک مفید کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ وفاقی محتسب کی سرگرمیوں، بالخصوص عوامی شکایات کے فوری اور بروقت ازالے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ادارے کی خدمات سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ 3

جواب دیا کہ ہمیں عوام کی تکلیف کا احساس ہے، جو قیمت بنتی ہے عوام کو صاف شفاف انداز میں منتقل ہورہی، پانچ میں سے چار ریفائنریوں کے ساتھ یورو فائیو فیول تیار کرنے کے معاہدے ہوچکے، ایک ریفائنری کے ساتھ ابھی معاہدے پر بات چیت جاری ہے، مقامی ریفائنریاں اپ گریڈیشن کے بعد یورو فائیو معیار کا پٹرول اور ڈیزل بنائیں گی۔نوید قمر نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے فارمولے سے نکل کیوں نہیں جاتی؟ 30 روز کی قیمتوں کے فارمولے سے حکومت 15 روز کے فارمولے پر آئی، پھر حکومت آخر میں ایک روز کی بنیاد پر آئی، روزانہ کی بنیاد پر کیوں؟ منتخب کریں علی پرویز ملک نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین حکومت نہیں کرتی، اوگرا کرتا ہے، باقی ملکوں میں تو پٹرول پمپس پر فوج تعینات ہوگئی تھی، ہم نے سپلائی چین بہتر بنائی اور منافع خوری ختم کی، مشکل حالات میں عوام کو کھانے کے اوقات میں گیس کی فراہمی یقینی بنائی، فیول سپلائی چین کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے، پٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ پر کوئی سمجھوتا نہیں۔

بقیہ 4

تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں بلوچستان بھر کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو مدعو کیا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب کی تیاریوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں سی ای او عبدالمنان، سوشل انوویشن اکیڈمی کی نمائندہ روزینہ کاکڑ اور دیگر حکام نے شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی دیہی خواتین میں کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، انہیں جدید کاروباری طریقوں سے روشناس کرانے اور اپنے وسائل کو آمدن کے مؤثر ذرائع میں تبدیل کرنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ خواتین صوبے کی معیشت میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں، بالخصوص دیہی علاقوں میں خواتین دستکاری، زراعت، لائیو اسٹاک، فوڈ پروسیسنگ، گھریلو صنعت، سیاحت اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر نہ صرف اپنے خاندانوں کی معاشی حالت بہتر بنا سکتی ہیں بلکہ مقامی معیشت کے فروغ میں بھی نمایاں کردار ادا کرسکتی ہیں۔بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ خواتین کو کاروباری مواقع، سرمایہ کاری کے امکانات، مارکیٹ تک رسائی اور کاروبار کے فروغ سے متعلق ضروری معلومات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہا ہے۔مجوزہ تقریب کا مقصد دیہی خواتین کو ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے جہاں وہ ماہرین سے رہنمائی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے کاروباری آئیڈیاز اور مسائل بھی پیش کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں موجود باصلاحیت خواتین کو معاشی سرگرمیوں کا حصہ بنانا صوبے کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے۔بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ خواتین کی کاروباری استعداد بڑھانے اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے کے عمل میں اپنا کردار جاری رکھے گا۔

بقیہ 5

اور متعلقہ ڈیٹا کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی حکومتی نظام کو عصر حاضر سے ہم آہنگ کرے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان کا مقصد درحقیقت قومی سطح پر شہریوں کے لیے موثر اور باسہولت خدمات کو یقینی بنانا ہے، قومی سطح پر تمام شعبوں اور حکومتی اداروں کے کارآمد ڈیٹا کی ایک جگہ فراہمی ملکی معاشی ترقی میں معاون ثابت ہوتی ہے، مستحق طبقے کے لیے فیول سبسڈی سکیم پر کامیاب عمل درآمد میں اداروں کے مابین اعداد و شمار کی شراکت نے کلیدی کردار ادا کیا۔ پاکستانی تار بخشہباز شریف نے کہا کہ وزارتوں کی کارکردگی اور متعلقہ اعداد و شمار کی ڈیجیٹائزیشن دراصل کرپشن اور ادارہ جاتی بدنظمی کے سدباب کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے، قومی سطح پر صوبائی حکومتوں کے تعاون سے یونیورسل میڈیکل ریکارڈ مرتب کرنے کے لئے وزارت صحت کی جانب سے قابل تعریف اقدامات کیے گئے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک بھر میں معیاری ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے کیو آر کوڈ کا نفاذ لائق تحسین ہے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ وفاقی وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی تمام متعلقہ وزارتوں کے بھرپور تعاون کے ساتھ متعلقہ شعبہ جاتی ڈیجیٹائزیشن پر بھرپور اقدامات کر رہی ہے، عوام کی سہولت کے پیش نظر بنیادی سہولت کے شعبوں بالخصوص صحت، زراعت اور دیگر وزارتوں میں ڈیجیٹائزیشن کا عمل ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے۔بریفنگ کے مطابق وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، وزارت قانون کے تعاون سے متعلقہ قومی قوانین کی ایک جگہ فراہمی کے لیے خصوصی اور موثر اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ مستقبل میں قانون سازی کے لیے بہتر رہنمائی مل سکے، وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق ترجیحاتی سیکٹرز کی ڈیجیٹائزیشن پر کام جاری ہے اور ڈیجیٹل حکومتی خدمات، ڈیجیٹل معیشت اور ڈیجیٹل عوامی سہولت جیسے مقاصد کی تکمیل کے لیئے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں۔اجلاس میں مختلف وفاقی وزارتوں نے اپنی عوامی خدمات، کارکردگی اور متعلقہ اعداد و شمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی پر بریفنگ دی۔وفاقی وزارت صحت سے متعلقہ عداد و شمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی اور ادویات کی معیاری تصدیق میں ڈیجیٹائزیشن کے استعمال پر خصوصی بریفنگ دی گئی۔وزیراعظم نے تمام وفاقی وزارتوں کو صوبائی حکومتوں اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے متعلقہ ڈیٹا کو ڈیجیٹائز کرنے کے عمل کو معینہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی خصوصی ہدایات جاری کیں۔اجلاس میں وفاقی وزیر برائے قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ، وفاقی وزیر برائے کامرس جام کمال خان، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال، وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، اور متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ 6

کمانڈر 87 ونگ نے وانگی رباط روڈ، ختم نبوت چوک، گورنمنٹ مڈل سکول کلی کریم خان اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کلی ذکی میں جاری ترقیاتی و تعمیراتی کام کا معائنہ کیا متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے نے مختلف منصوبوں پر جاری کام کی پیش رفت، تکمیل کی مدت اور دیگر امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبدانی نےمنصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں مقررہ تعمیراتی معیار اور متعلقہ ضوابط کی مکمل پابندی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا، جبکہ منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے کام کی رفتار مزید تیز کی جائےانہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور کام کے دوران سامنے آنے والے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر نہ ہواس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ BSDI پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے ضلع ذکی میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، انفراسٹرکچر کی بہتری اور مجموعی ترقی کے حوالے سے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بہتر سفری، تعلیمی اور دیگر بنیادی سہولیات میسر آئیں گی ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا تاکہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال تعمیراتی معیار اور منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 7

کا فیصلہ۔* ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں تعلیمی امور، سرکاری اسکولوں کی کارکردگی، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے تعلیمی معیار اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ایف سی ونگ 155 کرنل ذیشان اسسٹنٹ کمشنر حبیب الرحمٰن کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لطیف اللہ غرشین، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن عبدالمالک تاج، اکاؤنٹس آفیسر عبدالغنی پانیزئی، پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج زیارت پروفیسر نقیب اللہ کاکڑ، ڈی او فیمیل میمونہ فہیم، اے ڈی او فیمیل بی بی شاہینہ، ڈسٹرکٹ سپروائزر بی ای ایف فیض اللہ خلجی جے ٹی اے آئینی کے صدر فیروز خان اور آر ٹی ایس ایم بدرالدین سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں ضلع زیارت کے دونوں تحصیلوں میں تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، تدریسی وانتظامی امور، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے تعلیمی معیار اور اسکولوں میں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے تعلیمی نظام میں مزید بہتری کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلع کی دونوں تحصیلوں میں اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی، جو مختلف سرکاری اسکولوں کے باقاعدہ دورے کرکے تعلیمی وانتظامی صورتحال، اساتذہ کی حاضری اور دیگر امور کا موقع پر جائزہ لیں گی اور اپنی رپورٹ پیش کریں گی۔اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ مسلسل غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کے خلاف قواعد وضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ غیر حاضر اساتذہ کو شوکاز نوٹس جاری کرکے ان سے جواب طلب کیا جائے گا، جبکہ غیر حاضری کی وجوہات معلوم کرنے کے بعد ضابطے کے مطابق تنخواہوں سے کٹوتی سمیت دیگر محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ سرکاری ملازمین بالخصوص اساتذہ کی بروقت حاضری اور ذمہ دارانہ کارکردگی تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت، غیر حاضری اور طلبہ کے تعلیمی مستقبل سے متعلق کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 8

طلب کرلیا۔توہین عدالت کی درخواست سماعت چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ اور جسٹس اعجاز خان پر مشتمل دورکنی بنچ نے کی۔درخواست گزار رکن صوبائی اسمبلی ظاہر خان کی جانب سے بیرسٹر یاسین رضا عدالت میں پیش ہوئے۔انہوں نے عدالت کو بتایا کہ پشاور ہائیکورٹ نے 23 اکتوبر 2025 کو فیصلہ جاری کیا تھا جس میں سیاسی اجتماع، جلسے اور جلوس کے دوران سرکاری وسائل پر پابندی عائد کی تھی تاہم 4 اکتوبر کو وزیراعلی خیبر پختون خوا نے سرکاری ہیلی کاپٹر استعمال کرتے ہوئے لکی مروت میں سیاسی لانگ مارچ میں شرکت کی اور وہ اس لانگ مارچ کی قیادت کررہے ہیں حالانکہ عدالت نے صوبائی حکومت اور تمام متعلقہ حکام کو واضح ہدایات جاری کی تھیں کہ کسی بھی سرکاری گاڑی، مشینری یا سرکاری اہلکاروں کو احتجاج، لانگ مارچ، جلسے یا کسی بھی نوعیت کی سیاسی سرگرمی کے لیے استعمال یا استعمال کی اجازت نہ دی جائے۔انہوں نے کہا کہ اس فیصلے کے باوجود اس قسم کا اقدام توہین عدالت ہے۔لہذا وزیراعلی خیبر پختونخوا کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی جائے اور ان سے وضاحت طلب کی جائے کہ ایک سیاسی جماعت کے مارچ کے لئے حکومت کی جانب سے سرکاری امور کیلئے دیا گیا ہیلی کاپٹر اور سرکاری وسائل کو کیوں استعمال کیا گیا۔بیرسٹر یاسین رضا نے عدالت کو بتایا کہ وزیراعلی نے 4 اکتوبر کو پشاور سے لکی مروت جانے کے لیے سرکاری ہیلی کاپٹر استعمال کیا جبکہ گنڈی چوک لکی مروت میں ان کی آمد کے لیے خصوصی ہیلی پیڈ تیار کیا گیا تھا، جہاں سیاسی کارکنوں نے ان کا استقبال کیا، جس کے بعد وزیراعلیٰ نے لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب کیا اور مارچ کا باقاعدہ آغاز کیا سرکاری ہیلی کاپٹر کے استعمال کے ساتھ اس کے پائلٹ، عملہ، ایندھن، فنی عملہ، حفاظتی اہلکار، انتظامی و پروٹوکول عملہ اور دیگر سرکاری وسائل بھی استعمال ہوئے، جو عدالتی حکم کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتے ہیں۔

بقیہ 9

سردیوں کے نئے اوقات کار کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، جس کا اطلاق 15 اکتوبر 2026 سے 14 اپریل 2027 تک ہوگا۔محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ پیر سے جمعرات تک سرکاری دفاتر صبح 8:30 بجے سے شام 4 بجے تک کھلے رہیں گے، جبکہ نماز اور کھانے کا وقفہ دوپہر 1:30 سے 2 بجے تک ہوگا۔جمعہ کے روز دفاتر کے اوقات کار صبح 8:30 بجے سے دوپہر 3:30 بجے تک ہوں گے، جبکہ جمعہ کی نماز اور کھانے کے لیے دوپہر 1:15 سے 2:15 بجے تک وقفہ ہوگا۔نئے شیڈول کے تحت ہفتہ اور اتوار کو تمام سرکاری دفاتر بند رہیں گے، جس کے باعث سرکاری ملازمین کو ہفتے میں دو تعطیلات حاصل ہوں گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق اسکولز، کالجز اور یونیورسٹیاں نئے اوقات کار سے مستثنیٰ ہوں گی تاہم محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر ہفتے میں 6 دن کام کریں گے۔ان دفاتر میں پیر سے جمعرات اور ہفتہ کو اوقات کار صبح 8:30 سے دوپہر 2:30 بجے تک، جبکہ جمعہ کو صبح 8:30 سے دوپہر 12:30 بجے تک ہوں گے۔حکام کے مطابق سردیوں کے نئے اوقات کار کا مقصد موسم سرما کے دوران سرکاری امور کی انجام دہی کو آسان بنانا ہے۔

بقیہ 10

انتخابی ریلی سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ امریکا جلد ہی ایران سے نکل جائے گا اور تیل کی قیمتیں چٹان کی طرح گرنے والی ہیں صدر ٹرمپ نے ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق اپنے موقف کو دہراتے ہوئے کہا کہ امریکا ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔انہوں نے کہا کہ وہ ایران کے ساتھ کسی ممکنہ معاہدے کے خواہاں ہیں، تاہم سوال یہ ہے کہ آیا تہران اپنے جوہری پروگرام کو روکنے کے لیے قابل قبول اقدامات کرنے پر آمادہ ہے یا نہیں۔انہوں نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ معاہدہ ایک ایسی چیز ہے جو میں واقعی کرنا چاہتا ہوں، لیکن کیا ایران اپنے جوہری پروگرام کو روکنے کے لیے کچھ پیش کرنے کو تیار ہے؟ ہم ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے۔امریکی صدر ٹرمپ نے گزشتہ دنوں لاس اینجلس اور سان ڈیاگو پر مبینہ ایرانی حملے سے متعلق اپنے متنازع بیانات کا بھی اعادہ کیا، ان کا کہنا تھا کہ اگر ایسے حملے ہوئے تو امریکہ سخت ردعمل دے گا اور اپنے ملک کے دفاع کو یقینی بنائے گا۔حماس کے اسرائیل میں حملے کے 3 سال مکمل ہونے پر صدر ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ 7 اکتوبر کے حملہ آوروں کو اپنے عمل کی بہت بڑی قیمت چکانا پڑ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے بات چیت کی ، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور اسرائیلی عوام کیلئے نیک خواہشات رکھتا ہوں۔مدنی نے جماعتی کارکردگی، عبدالصمد حقیار نے شعبہ اطلاعات، حاجی صالح محمد نے شعبہ مالیات جبکہ مولانا علی جان نے شعبہ انصار الاسلام کی کارکردگی رپورٹس پیش کیں، جن پر اراکین نے غور وخوض کرتے ہوئے اپنی آرا اور تجاویز پیش کیں۔اجلاس میں مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، عبدالغنی شہزاد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مفتی رضا خان، مفتی سعید احمد، حافظ سراج الدین، مولانا محمد شعیب جدون، حاجی قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، عبدالباری شہزاد، سیٹھ اجمل خان بازئی، مفتی محمد ابوبکر، مفتی نیک محمد، مولانا سعد اللہ آغا سرفراز احمد شاہوانی، مفتی رشید احمد، حاجی عطا محمد شمشوزئی، حافظ دوست محمد، مولانا نقیب اللہ ملاخیل سمیت دیگر اراکین عاملہ اور مجلس عمومی کے ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ شہر میں امن وامان کے قیام، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور معاشرتی اقدار کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، موجودہ حالات میں شہریوں کو بے یقینی، خوف اور بدامنی کے حوالے نہیں کیا جاسکتا، ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو مکمل تحفظ فراہم کرے اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائے۔انہوں نے اعلان کیا کہ آج 9 اکتوبر بروز جمعہ نماز ظہر کے بعد جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی دفتر سے امن ریلی نکالی جائے گی، جو احتجاجی مظاہرے اور جلسے کی صورت اختیار کرے گی، جس میں کارکنان اور شہری بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے کہا کہ امن وامان کے معاملے پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور شہر میں پیدا ہونے والی بدامنی کی تمام تر صورتحال کی ذمہ داری حکومت اور متعلقہ ریاستی اداروں پر عائد ہوگی، حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور جرائم کے خاتمے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام مزید بدامنی، خوف وہراس اور سماجی انتشار کے متحمل نہیں ہوسکتے، شہر میں فحاشی وعریانی سمیت ہر ایسے عمل کی حوصلہ شکنی ضروری ہے جو اسلامی، اخلاقی اور معاشرتی اقدار کے منافی ہو۔اجلاس میں تمام اراکین نے امن وامان کے قیام کے مطالبے کی بھرپور تائید کرتے ہوئے ہاتھ کھڑے کرکے اپنے عزم کا اظہار کیا اور جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے منعقد ہونے والی امن ریلی، احتجاجی مظاہرے اور جلسے میں بھرپور شرکت کا اعلان کیا۔اجلاس کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمعیت علما اسلام عوام کے بنیادی حقوق، امن، عزت وناموس، دینی واخلاقی اقدار اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور پرامن فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔اجلاس کا آغاز حافظ محمد اکرم کی تلاوت سے ہوا۔دکی کے شیخ مولانا محمد دین، خلیل احمد آخوندزادہ کے چچازاد بھائی، مولانا علی محمد مہترزئی کے بھائی کی وفات پر ان کی مغفرت کی دعا کی۔

بقیہ 11

مدنی نے جماعتی کارکردگی، عبدالصمد حقیار نے شعبہ اطلاعات، حاجی صالح محمد نے شعبہ مالیات جبکہ مولانا علی جان نے شعبہ انصار الاسلام کی کارکردگی رپورٹس پیش کیں، جن پر اراکین نے غور وخوض کرتے ہوئے اپنی آرا اور تجاویز پیش کیں۔اجلاس میں مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، عبدالغنی شہزاد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مفتی رضا خان، مفتی سعید احمد، حافظ سراج الدین، مولانا محمد شعیب جدون، حاجی قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، عبدالباری شہزاد، سیٹھ اجمل خان بازئی، مفتی محمد ابوبکر، مفتی نیک محمد، مولانا سعد اللہ آغا سرفراز احمد شاہوانی، مفتی رشید احمد، حاجی عطا محمد شمشوزئی، حافظ دوست محمد، مولانا نقیب اللہ ملاخیل سمیت دیگر اراکین عاملہ اور مجلس عمومی کے ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ شہر میں امن وامان کے قیام، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور معاشرتی اقدار کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، موجودہ حالات میں شہریوں کو بے یقینی، خوف اور بدامنی کے حوالے نہیں کیا جاسکتا، ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو مکمل تحفظ فراہم کرے اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائے۔انہوں نے اعلان کیا کہ آج 9 اکتوبر بروز جمعہ نماز ظہر کے بعد جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی دفتر سے امن ریلی نکالی جائے گی، جو احتجاجی مظاہرے اور جلسے کی صورت اختیار کرے گی، جس میں کارکنان اور شہری بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے کہا کہ امن وامان کے معاملے پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور شہر میں پیدا ہونے والی بدامنی کی تمام تر صورتحال کی ذمہ داری حکومت اور متعلقہ ریاستی اداروں پر عائد ہوگی، حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور جرائم کے خاتمے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام مزید بدامنی، خوف وہراس اور سماجی انتشار کے متحمل نہیں ہوسکتے، شہر میں فحاشی وعریانی سمیت ہر ایسے عمل کی حوصلہ شکنی ضروری ہے جو اسلامی، اخلاقی اور معاشرتی اقدار کے منافی ہو۔اجلاس میں تمام اراکین نے امن وامان کے قیام کے مطالبے کی بھرپور تائید کرتے ہوئے ہاتھ کھڑے کرکے اپنے عزم کا اظہار کیا اور جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے منعقد ہونے والی امن ریلی، احتجاجی مظاہرے اور جلسے میں بھرپور شرکت کا اعلان کیا۔اجلاس کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمعیت علما اسلام عوام کے بنیادی حقوق، امن، عزت وناموس، دینی واخلاقی اقدار اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور پرامن فورم پر اپنی آواز بلند کرتی رہے گی۔اجلاس کا آغاز حافظ محمد اکرم کی تلاوت سے ہوا۔دکی کے شیخ مولانا محمد دین، خلیل احمد آخوندزادہ کے چچازاد بھائی، مولانا علی محمد مہترزئی کے بھائی کی وفات پر ان کی مغفرت کی دعا کی۔

بقیہ 12

رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان کے فنڈ ڈریزیلینس، انگیکریشن اینڈ سوشیو اکنامک ایمپاورمنٹ پروگرام کے تحت ضلع کیچ، گوادر، پنجگور اور خاران سے تعلق رکھنے والے فنی وپیشہ ورانہ تعلیم کے تربیت یافتہ گریجویٹس میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیراعلی نے تقریب میں تربیت مکمل کرنے والی خواتین اور طالبات میں اسناد بھی تقسیم کیں۔اس موقع پر صوبائی وزرا، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر طاہر رشید اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج کی تقریب دراصل ان نوجوان خواتین کی حوصلہ افزائی اور اعتراف کا موقع ہے جنہوں نے اپنے گھروں سے نکل کر ہنر حاصل کیا اور تربیت مکمل کرکے ایک نئے سفر کا آغاز کیا ہے۔ان کے لیے یہ ایک اہم لمحہ ہے کیونکہ جب موجودہ حکومت نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو ایک بڑا چیلنج حکومت اور نوجوانوں کے درمیان موجود فاصلے کو کم کرنا تھا۔

بقیہ 13

نے کہا کہ مذاکرات کا سلسلہ کسی صورت بند نہیں ہونا چاہیے، غیر مشروط مذاکرات نہیں ہوتے، ہمیشہ کچھ لو اور کچھ دو کی بنیاد پر مذاکرات ہوتے ہیں۔کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو رہا کیا جانا چاہیے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں ہونی چاہئیں، رہائی عدالتوں کے ذریعے ہونی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور بدامنی عروج پر ہے، صوبے میں فوجی آپریشن انتہائی ناگزیر ہے۔کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، ان کی بات میں وزن ہوتا ہے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ ہمارا مطالبہ ہے، اسے فی الفور صوبہ بنایا جائے۔

بقیہ 14

ر بروقت ازالے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، انرولمنٹ، ریٹرن فائلنگ اور دیگر ٹیکس امور سے متعلق فراہم کی جانے والی رہنمائی اور معاونت پر بھی غور کیا گیا۔اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ٹیکس دہندگان کے مسائل اور شکایات کو مؤثر انداز میں حل کرتے ہوئے انہیں ٹیکس سے متعلق معاملات میں بروقت رہنمائی فراہم کی جائے۔بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ٹیکس دہندگان کی سہولت اس کی ترجیحات میں شامل ہے اور BRA ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ، شکایات کے ازالے اور دیگر ٹیکس امور میں معاونت فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن طور پر دستیاب ہے۔

بقیہ 15

سمیت 9 خارجیوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی اور کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی سے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنادیے۔شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن دہشتگردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔دہشتگردوں کے ٹھکانوں کی تباہی امن واستحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کے عزم کا اظہار ہے۔دہشتگردی کی بیخ کنی کیلئے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور جدو جہد قابل تحسین ہیں۔قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 16

اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجا ناصر عباس سے رابطہ کیا، دونوں کے درمیان مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ذرائع کے مطابق دونوں اپوزیشن قائدین نے مذاکرات کے حوالے سے حکمت عملی پر مشاورت کی، اپوزیشن قائدین نے مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کردیا۔

بقیہ 17

کی جائے گی۔ اس کے علاوہ الیکٹرونکس، ہوم اپلائنسز، کاغذ اور گتے کے کارخانوں اور فیکٹریوں کی بھی مانیٹرنگ کی جائے گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق لیدر کی مصنوعات، گارمنٹس، ٹیکسٹائل اور جننگ فیکٹریوں کی بھی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ایف بی آر کا کہنا ہے کہ آبزڈین ٹیکنالوجیز، ٹوٹلنک پاکستان، آٹھینٹک اور آئی ایس ایس ایم لیبلنگ کے ذریعے تین سال تک مانیٹرنگ کرانا ہوگی۔یہ ایف بی آر کی تصدیق شدہ مانیٹرنگ کمپنیاں ہیں اور متعلقہ صنعتوں کو ان میں سے کسی ایک کمپنی سے مانیٹرنگ کے آلات خریدنا ہوں گے۔ایف بی آر کے مطابق یہ کمپنیاں پیداوار کی مانیٹرنگ کرکے درست فروخت سے متعلق معلومات فراہم کریں گی۔حکام کے مطابق مذکورہ کمپنیاں مشروبات اور ٹیکسٹائل کی فیکٹریوں، پانی کی بوتلوں اور ٹائل بنانے والی فیکٹریوں جب کہ ڈبے میں بند دودھ تیار کرنے والی فیکٹریوں کی بھی مانیٹرنگ کریں گی۔

بقیہ 18

کہ گنجائش سے زائد قیدیوں کی تعداد اڈیالہ جیل کا مسئلہ ضرور ہے، جیلوں میں قیدیوں کی بڑھتی تعداد کے مسئلے پر حکومت غور کر رہی ہے۔سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں نئی جیل کی تعمیر سے اڈیالہ جیل میں قیدیوں کا آدھا بوجھ کم ہوجائے گا، قیدیوں کے حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جاتا، جوڈیشل افسران باقاعدگی سے اڈیالہ جیل کا دورہ کرتے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل میں 6 مرد اور ایک خاتون ڈاکٹر تعینات ہیں، جیل میں ای سی جی، الٹراساؤنڈ، ڈینٹل اور دیگر طبی سہولتیں دستیاب ہیں، اڈیالہ جیل میں دستیاب طبی سہولتیں شاید قیدیوں کو جیل سے باہر بھی میسر نہ ہوں۔سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے مطابق اڈیالہ جیل میں ایچ آئی وی کے تقریبا 100 کیسز ہیں، ایچ آئی وی کے بیشتر کیسز قیدی جیل میں داخلے سے پہلے ہی ساتھ لاتے ہیں۔

بقیہ 19

ڈار سے وزارت خارجہ میں بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے ملاقات کی ہے۔دونوں رہنماؤں کے درمیان خوشگوار ماحول میں ہونے والی گفتگو میں پاک بحرین تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ملاقات میں تجارتی سرگرمیوں، معاشی شراکت داری اور سرمایہ کاری کے شعبوں کو خصوصی اہمیت دی گئی، دونوں وزرائے خارجہ نے ان شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ کثیرالجہتی بین الاقوامی فورمز پر مشترکہ دلچسپی کے معاملات میں روابط کو مزید موثر بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔اسحاق ڈار اور عبداللطیف بن راشد الزیانی نے پاکستان اور بحرین کے درمیان اعلی سطح کے سفارتی رابطوں میں آنے والی مثبت پیش رفت پر اطمینان ظاہر کیا۔دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں موجودہ مثبت رجحان کو آگے بڑھانے اور باہمی مفادات سے متعلق شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔گفتگو کے دوران خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال کے ساتھ عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا جو دونوں ممالک کیلئے مشترکہ اہمیت رکھتی ہیں، اس موقع پر دونوں وزرائے خارجہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اختلافات اور تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی سب سے زیادہ قابل عمل راستے ہیں۔

بقیہ 20

عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ملزمان کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست خارج کر دی، پراسیکیوٹر راجہ نوید کیانی عدالت میں پیش ہوئے، درخواستِ ضمانت خارج ہونے والے ملزمان میں عمر حیات، عثمان اور حارث مظہر شامل ہیں، ملزمان پر سیکٹر F-10/4 میں چینی باشندوں کے گھر میں ڈکیتی اور اغوا کا مقدمہ درج ہے۔ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے گھر میں داخل ہوکر گارڈز پر تشدد کیا اور چینی شہریوں سمیت ملازمین کو یرغمال بنایا، ملزمان پر تلاشی کے دوران موبائل فونز، لیپ ٹاپ، نقد رقم لوٹنے کے بعد 3 چینی باشندوں کو گاڑی میں اغوا کرنے کا الزام ہے۔علاوہ ازیں، ملزمان پر 3 چینی شہریوں کی رہائی کے بدلے 2 لاکھ ڈالر تاوان کا مطالبے کا بھی الزام ہے۔

بقیہ 21

دعویٰ کیا کہ مشرق وسطیٰ، شمالی افریقا، افغانستان اور پاکستان (میناپ) خطے کے یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدن والے انتہائی غریب افراد میں پاکستان کا حصہ 48 فیصد ہے، جبکہ 2018-19 سے 2024-25 کے دوران ملک میں غربت کی شرح میں 6.4 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔اس حوالے سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے معاشی مشیر خرم شہزاد نے 'معاشی ماہرین کا تجزیہ، عالمی بینک کی نئی درجہ بندی اور غربت کے اعداد وشمار' کے عنوان سے اپنی ایک پوسٹ میں لکھا کہ پاکستان میں غربت کی شرح میں حالیہ اضافہ ایک وسیع تر عالمی رجحان کا حصہ ہے۔لبنان، ارجنٹائن، شام، ایران اور برازیل جیسے ممالک میں غربت میں ہونے والا اضافہ پاکستان کے مقابلے میں کہیں زیادہ اور سنگین ہے۔پاکستانخبریں انہوں نے کہا کہ یہ تاثر بالکل گمراہ کن اور بے بنیاد ہے کہ معاشی ابتری کی وجہ سے پاکستان کو نئے خطے میں ڈالا گیا؛ یہ عالمی بینک کا محض ایک انتظامی اور دفتری فیصلہ ہے۔پاکستانخبریں

بقیہ 22

صوبے بھر میں تمام عدالتی امور کے بائیکاٹ کا اعلان رہء بلوچستان بار کونسل کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج کے مبینہ لاپتہ ہونے کے معاملے پر وکلا میں تشویش پائی جاتی ہے، جس کے باعث احتجاجاً آج عدالتوں میں وکلا عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کریں گے۔ *بار کونسل نے مطالبہ کیا ہے کہ ایڈیشنل سیشن جج کے مبینہ لاپتہ ہونے کے معاملے کی فوری تحقیقات کرکے انہیں بازیاب کرایا جائے اور واقعے کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔

بقیہ 23

مشنز میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھے گا، پاکستانی پولیس کے افسران اور اہلکار اقوام متحدہ پولیس میں بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، پاکستان نے امن مشنز میں 181 جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کا کہنا تھا کہ پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشنز میں شرکت ہمیشہ نمایاں رہی ہے، دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابلِ ستائش ہے۔ملاقات کے اختتام پر وزیر داخلہ نے قدرتی آفات کے دوران پاکستان کی بھرپور مدد اور معاونت پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا شکریہ ادا کیا۔ملاقات میں سپیشل سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ اور وزارت داخلہ کے دیگر اعلی حکام بھی موجود تھے۔دریں اثنا اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا پاکستان کا سرکاری دورہ مکمل ہوگیا، انہوں نے 6 سے 8 اکتوبر تک پاکستان میں قیام کے دوران اعلی سیاسی وعسکری قیادت اور دیگر حکام سے ملاقاتیں کیں۔دفتر خارجہ کے مطابق انتونیو گوتریس نے 6 اکتوبر کو نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی، اس موقع پر اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں، کثیرالجہتی نظام اور مذاکرات وسفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے پرامن حل کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔نائب وزیراعظم نے جموں وکشمیر کے تنازع کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق منصفانہ اور پرامن حل پر زور دیا، انہوں نے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کے بھارتی فیصلے سے بھی آگاہ کیا اور اسے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی قرار دیا۔اسحاق ڈار نے فلسطینی عوام اور ان کے حق خودارادیت وریاست کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا بھی اعادہ کیا۔انتونیو گوتریس نے 6 اکتوبر کو صدر پاکستان سے بھی ملاقات کی جہاں صدر آصف علی زرداری نے عالمی امن اور ترقی کے لیے خدمات کے اعتراف میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کو نشانِ امتیاز عطا کیا۔ 7 اکتوبر کو اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے وزیراعظم سے ملاقات کی اور علاقائی وعالمی اہمیت کے امور پر تبادلہ خیال کیا، انہوں نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر داخلہ محسن نقوی سے بھی ملاقاتیں کیں۔وزارت خارجہ کے مطابق انتونیو گوتریس نے اقوام متحدہ کے لئے پاکستان کی دیرینہ خدمات، خصوصاً امن مشنز میں نمایاں کردار اور مذاکرات، ثالثی اور عالمی تعاون کے فروغ کے لیے کوششوں کو سراہا۔اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے اسلام آباد میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصر گروپ برائے بھارت وپاکستان کے ہیڈکوارٹر کا دورہ بھی کیا، جبکہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی میں بریفنگ میں شرکت کی، جہاں قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری اور قبل از وقت انتباہ کے نظام میں پاکستان کی پیشرفت سے آگاہ کیا گیا۔ 7 اکتوبر کو انتونیو گوتریس نے فارن سروس اکیڈمی میں بدلتی دنیا میں کثیرالجہتی نظام کا استحکام، جغرافیائی سیاست اور اقوام متحدہ کا کردار کے موضوع پر خصوصی گفتگو میں بطور مہمان مقرر شرکت کی، اپنے خطاب میں انہوں نے پاکستان کے ساتھ اپنی دیرینہ وابستگی کا ذکر کرتے ہوئے پاکستانی عوام کی سخاوت، ثابت قدمی اور یکجہتی کو سراہا۔دفتر خارجہ کے مطابق دورے سے پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان دیرینہ شراکت داری کے اعادے اور علاقائی وعالمی پیش رفت پر تبادلہ خیال کا اہم موقع ملا، جبکہ کثیرالجہتی نظام اور اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں کے لیے پاکستان کے عزم کی بھی توثیق ہوئی۔

بقیہ 24

، گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا، کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کئے گئے۔دریں اثنا صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔اپنے بیان میں صدر مملکت کا کہنا تھا کہ چار اہم خارجی کمانڈرز سمیت 9 دہشت گردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بہادری کا مظہر ہے، دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔آصف زرداری نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف عزم استحکام کے تحت کارروائیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔2

بقیہ 25

آگاہی نہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت طاعون پھیلنے کا رسک بہت کم ہے، بارڈر ہیلتھ سروسز کو تمام پوائنٹس آف اینٹری پر الرٹ کردیا ہے، این آئی ایچ کے پاس طاعون کی تشخیص کی صلاحیت موجود ہے۔دوسری جانب ڈی جی ہیلتھ کا کہنا ہے کہ وفاقی وزارت صحت اور قومی ادارہ صحت صورت حال سے مکمل آگاہ ہیں۔

بقیہ 26

کی مولانا فضل الرحمان سے کردار ادا کرنے کی درخواست پر سربراہ جے یو آئی نے ثالث بننے کیلئے فریقین کے سامنے 5 شرائط رکھ دیں۔ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے فریقین کو جواب دیا ہے کہ پہلے جائزہ لوں گا دونوں مسئلے کے حل میں کتنے سنجیدہ ہیں، فریقین کے جواب کے جائزے کے بعد مولانا فضل الرحمان ثالثی کردار ادا کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کریں گے۔مولانا فضل الرحمان نے ثالثی کے کردار کیلئے فریقین کو اپنی شرائط سے بھی آگاہ کردیا، کہا فریقین نے بنیادی امور پر اتفاق کیا تو مولانا فضل الرحمان اپنا کردار ادا کریں گے، سنجیدہ اور مخلصانہ کوشش سے اب بھی راستہ نکالا جاسکتا ہے۔فضل الرحمان نے فریقین کو مشورہ دیا ہے کہ ایک دوسرے کے موقف کو تسلیم کریں گے تو درمیانی راستہ نکل آئے گا، ڈیڈلاک برقرار رہا اور لانگ مارچ کیخلاف طاقت استعمال ہوئی تو کچھ نہیں بچے گا۔ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان کے گرین سگنل کے بعد وزیراعظم اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان ملاقات کا بھی امکان ہے۔

بقیہ 27

اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کا عندیا دے دیا ہے۔قبل ازیں حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی، حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثنااللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے۔دوسری جانب قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے حکومت سے مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کردیا ہے۔اس حوالے سے بتایا گیا کہ محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے علامہ راجا ناصر عباس سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور دونوں رہنماؤں نے مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی۔

بقیہ 28

کے گھر پر دستی بم سے حملہ کیا پھر خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی۔دستی بم حملے اور فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار پیر جان جاں بحق ہوگیا، لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کردی گئی۔پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 29

کی سربراہی میں بینچ سماعت کرے گا۔واضح رہے کہ پی ٹی آئی کے سابق رہنما ایڈووکیٹ شیر افضل مروت نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی تقرری کو چیلنج کیا ہوا ہے۔پی ٹی آئی سے مذاکرات کا عندیہ، مولانا فضل الرحمان کا وزیراعظم سے جلد رابطے کا امکان

بقیہ 30

متعلقہ قوانین وقواعد کے تحت نوٹسز کا اجرا، ڈیسک آڈٹ، شارٹ پیمنٹس، اسیسمنٹ آرڈرز، ان پٹ/آؤٹ پٹ ٹیکس اور ٹیکس انفورسمنٹ کے مراحل کے حوالے سے عملی معلومات فراہم کی گئیں۔آئی ٹی سیشن میں رجسٹریشن کے عملی طریقہ کار، ریٹرن فائلنگ اور متعلقہ Annexures کے حوالے سے بھی شرکاء کو تربیت دی گئی۔تربیتی سیشن میں AG آفس، ٹیکس ماہرین اور PRAL کے نمائندگان نے بطور ٹرینرز شرکت کی۔BRA حکام کے مطابق تربیت کا مقصد متعلقہ افسران، انسپکٹرز، آڈیٹرز، ٹیکس فسیلیٹیشن افسران اور آئی ٹی ٹیم کی پیشہ ورانہ استعداد اور عملی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا ہے، تاکہ ٹیکس انتظامیہ، ٹیکس دہندگان کی سہولت اور محصولات کی وصولی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔

بقیہ 31

مسافروں کے شناختی کارڈز بھی چیک کیے جاتے رہے۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز فوری طور پر جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوئیں، جن کی آمد کی خبر ملتے ہی مسلح افراد مرکزی شاہراہ سے قریبی پہاڑوں کی طرف فرار ہوگئے۔سیکیورٹی فورسز کے پہنچنے کے بعد شاہراہ کو مکمل طور پر کلیئر کرا کے ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا۔

بقیہ 32

مذاکرات کئے جائیں اور فضل الرحمان کی بھی خواہش ہے کہ پی ٹی آئی اور حکومت میں کسی طرح سے مذاکرات ہو جائیں۔کامران مرتضی کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان بزرگ سیاستدان ہیں ان کی باتیں سنی جاتی ہے اور وہ حالات کی بہتری کیلئے اپنے طور پر کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی قیادت نے مولانا فضل الرحمان سے اے پی سی کے حوالے بات کی تھی اور آل پارٹیز کانفرنس کی تجویز مولانا فضل الرحمان کی ہی تھی۔

بقیہ 33

کے جغرافیائی نقاط پر اتفاق کیا ہے۔ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایک بیان میں بتایا کہ دونوں ممالک نے آبنائے ہرمز میں داخل ہونے اور وہاں سے نکلنے والے بحری جہازوں کیلئے مقررہ محفوظ راستوں کے جغرافیائی کوآرڈینیٹس طے کرلئے ہیں۔ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق ایران اور عمان اس بات پر بھی متفق ہوگئے ہیں کہ ان راستوں کے جغرافیائی نقاط متعلقہ بین الاقوامی بحری ادارے تک کس طریقے سے پہنچائے جائیں گے۔یہ پیش رفت آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے کے لیے ایران اور عمان کے درمیان طے پانے والے مرحلہ وار فریم ورک کا حصہ ہے۔دونوں ممالک نے اس سے قبل اگست میں ایک عارضی بحری راہداری قائم کرنے، سمندری بارودی سرنگیں صاف کرنے اور مستقبل میں مستقل بحری راستہ بنانے پر اتفاق کیا تھا۔اس منصوبے میں بحری ٹریفک کے انتظام اور متعلقہ معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقہ کار پر بھی کام شامل ہے۔تاہم ایران اور عمان کے درمیان محفوظ راستوں کے کوآرڈینیٹس پر اتفاق کا یہ مطلب نہیں کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھول دی گئی ہے یا تجارتی جہازوں کو غیر مشروط اور مکمل محفوظ گزرنے کی ضمانت حاصل ہوگئی ہے۔

بقیہ 34

کے بعد اب پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر مل جائیں گے۔آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ 1.21 ارب ڈالر فراہم کرنے کی منظوری دے گا۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ساتھ موجودہ ای ایف ایف پروگرام کی 5 قسط کیلئے چوتھا جائزہ اجلاس ہوا۔پاکستان کے ساتھ موسمیاتی تبدیلیوں کیلئے آر ایس ایف پروگرام کیلئے تیسرے جائزے کیلئے مذاکرات ہوئے۔آئی ایم ایف کے مطابق مشکل عالمی اور علاقائی حالات، مشرق وسطی کے تنازع کے باوجود پاکستان نے مجموعی معاشی استحکام برقرار رکھا، سال 2026 کے پہلے 9 ماہ میں معاشی شرح نمو 4 فیصد رہی جبکہ پورے سال کی شرح نمو 3.6 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے، مئی میں بلند ترین سطح پر پہنچنے کے بعد ستمبر میں مہنگائی 10.3 فیصد تک کم ہوئی۔آئی ایم ایف کے اعلامیہ مطابق پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ ترسیلات زر میں مضبوط اضافے کے باعث متوازن رہا اور ستمبر کے اختتام تک زرمبادلہ کے ذخائر 21 ارب 50 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے۔خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری اور عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کو بھی معاشی پالیسیوں پر اعتماد کی علامت قرار دیا گیا، جغرافیائی کشیدگی، توانائی کی قیمتوں میں اتار چڑھا، عالمی مالیاتی حالات میں سختی اور تجارتی رکاوٹیں معیشت کے لئے بڑے خطرات ہیں۔اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھتے ہوئے مالی سال 2027 کے بجٹ میں جی ڈی پی کے 2 فیصد کے بنیادی پرائمری سرپلس کے ہدف پر عمل کرے، ٹیکس نظام کو آسان اور کاروبار دوست بنایا جائے، ٹیکس وصولی کے نظام میں ڈیجیٹل انوائسنگ، آڈٹ اور تھرڈ پارٹی ڈیٹا کے استعمال کو بڑھایا جائے۔عالمی مالیاتی فنڈ نے صحت اور تعلیم پر اخراجات میں اضافے کو بھی اہم قرار دیا جنہیں مالی سال 2024 میں جی ڈی پی کے 2.2 فیصد سے بڑھا کر رواں مالی سال 2.5 فیصد کیا گیا، مالی سال 2027 میں اسے 2.8 فیصد تک لے جانے کا ہدف ہے۔کم آمدنی والے طبقے کے لیے نقد امداد بڑھانے کی تجویز کے ساتھ آئی ایم ایف نے وسیع پیمانے پر دی جانے والی ایندھن سبسڈی جلد ختم کرنے پر بھی زور دیا اور کہا مستقبل میں تیل کی قیمتیں غیر معمولی طور پر بڑھیں تو امداد صرف مستحق اور کمزور طبقات تک محدود ہونی چاہئے۔سٹیٹ بینک کو مہنگائی واپس لانے کے لئے مناسب طور پر سخت مالیاتی پالیسی برقرار رکھنے، روپے کی شرح تبادلہ میں لچک اور زرمبادلہ ذخائر بڑھانے کا مشورہ دیا گیا۔بجلی اور گیس کے نرخوں میں بروقت ایڈجسٹمنٹ، گردشی قرضے کی روک تھام، بجلی کی تقسیم کے نظام میں نجی شعبے کی شمولیت، مسابقت میں اضافہ اور گیس کے نقصانات کم کرنے کو بھی اہم اصلاحات قرار دیا گیا۔عالمی مالیاتی فنڈ نے نجکاری، سرکاری اداروں کی کارکردگی اور شفافیت بہتر بنانے، کاروباری مسابقت بڑھانے، تجارتی اور ریگولیٹری رکاوٹیں کم کرنے، بدعنوانی کے خلاف ادارہ جاتی اقدامات اور نجی سرمایہ کاری و برآمدات کے فروغ پر بھی زور دیا۔آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ پاکستان نے مجموعی طور پر معاشی استحکام کی جانب پیشرفت کی ہے تاہم مہنگائی، توانائی کی قیمتوں، قرضوں اور عالمی وعلاقائی غیر یقینی صورتحال کے باعث اصلاحات کا عمل جاری رکھنا ناگزیر ہے۔

بقیہ 35

۔ان کا خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہنا تھا کہ صوبے میں روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردی اور دیگر ناخوشگوار واقعات پیش آ رہے ہیں، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔امیر مقام نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اقتدار میں آنے سے قبل عوام سے بڑے بڑے وعدے کیے تھے، تاہم آج اس کی کارکردگی پر سوالات اٹھ رہے ہیں، انہوں نے سوال کیا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں خیبر پختونخوا کے عوام کو کیا ریلیف ملا؟۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کے پاس اپنی 13 سالہ کارکردگی کے طور پر پیش کرنے کے لئے کوئی قابلِ ذکر کامیابی نہیں، جبکہ صوبے کا بنیادی مسئلہ ابتر گورننس ہے۔

بقیہ 1

اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے ساتھ الگ الگ مفاہمتی یادداشتوں (MOU) پر دستخط کیے گئے بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن الائنس کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے تحت حاضر سروس اور وفات پا جانے والے ملازمین کے بچوں کو ٹیوشن فیس میں 30 فیصد رعایت دی جائے گی جبکہ پولیس شہدا کے بچوں کے لیے ٹیوشن فیس مکمل طور پر معاف ہوگی۔ اس کے علاوہ داخلہ فیس امتحانی فیس اور دیگر ادارہ جاتی اخراجات میں بھی خصوصی اضافی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر طاہر علاالدین نے کہا کہ اس شراکت داری کا مقصد پولیس اہلکاروں کے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا اور پولیس خاندانوں کی تعلیمی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کرنا مقصود ہے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف پولیس اہلکاروں کے خدمات کے اعتراف کا عملی مظہر ہے بلکہ ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کی جانب ایک اہم قدم بھی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان پولیس اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت پولیس اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کی معیاری طبی سہولیات کے رعایتی نرخوں، ریڈیالوجی اور دیگر تشخیصی ٹیسٹوں پر 40 فیصد تک رعایت دی جائے گی جبکہ (CHS) کے پینل میں شامل ہسپتالوں میں ہسپتال کے بلوں پر 10 فیصد تک رعایت حاصل ہوگی۔ ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر طاہر علاالدین نے اس موقع پر کہا کہ نجی اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز کے ساتھ ہونے والے یہ معاہدے بلوچستان پولیس کے اہلکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوں گے انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس اپنے اہلکاروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے معاہدے کے تحت پولیس اہلکاروں ان کے والدین اور خاندان کے لیے ڈیجیٹل ہیلتھ کارڈز بھی جاری کیے جائیں گے جن کے ذریعے مختلف طبی سہولیات تک آسان رسائی ممکن ہوگی اس کے علاوہ انہیں ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ کے تعاون سے مخصوص (CHS) مراکز پر ڈرگ اسکریننگ اور ٹیسٹنگ کی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔ طبی سہولیات کے پیکج میں رعایتی او پی ڈی اور کنسلٹنٹ سروسز، میڈیکل کیمپس، ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکہ جات، فرسٹ ایڈ ٹریننگ، ہنگامی طبی امداد اور فارمیسی سروسز پر خصوصی رعایتیں بھی شامل ہیں اس اقدام کا مقصد پولیس اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کو علاج معالجے کے اخراجات کا بوجھ کم کرنا اور انہیں بروقت معیاری اور قابل رسائی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے پولیس فورس کے اہلکاروں نے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کئے جانے والے ان اقدامات کو بلوچستان پولیس اور ان کے خاندانوں کی فلاح کے لئے ایک اہم ریلیف قرار دیا ہے جو کہ ان کی سماجی و معاشی بہبود میں مثبت کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 2

ایڈیشنل ایس ایچ او شمس الدین صاحب، نقیب اللہ ایس آئی، سپاہی محمد عصمت اللہ، سپاہی محمد یوسف، شیغالہ ایس ایچ او محمد یاسین اور ایڈیشنل ایس ایچ او ولی خان سمیت دیگر پولیس اہلکاروں نے کارروائی میں حصہ لیا پولیس ٹیم نے مشترکہ کارروائی کے دوران ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بڑی مقدار میں چوری شدہ تاریں برآمد کرلیں۔ اس کے علاوہ تاروں سے بھری دونوں گاڑیاں، ایک ایکس ٹو ڈی اور ایک پریموں، کو بھی پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس تھانہ بازئی میں باقاعدہ مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جبکہ برآمد شدہ گاڑیوں اور تاروں کو قبضہ پولیس میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے پولیس حکام کے مطابق علاقے میں چوری اور دیگر جرائم کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا، جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 3

پر عملدرآمد سمیت دیگر عوامی امور کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور انتظامیہ تک عوام کی آواز پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر وصحافی ساجد جمالی نے مختلف علاقائی عوامی مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے انتظامیہ کی توجہ اہم مسائل کی جانب مبذول کرائی۔

بقیہ 4

پیپلز پارٹی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں قانون سازی میں حکومت کی حمایت کرے گی، دونوں جماعتوں میں پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام پر بھی اتفاق ہو گیا۔ انتخابی اصلاحات کمیٹی میں پارلیمان میں شامل تمام جماعتوں کو نمائندگی دی جائے گی، کمیٹی میں شامل تمام جماعتوں کو دونوں ایوانوں میں تعداد کی بنیاد پر نمائندگی دی گئی۔ آئی ایم ایف کی شرائط پر بلز سمیت 30 مختلف بلز کی منظوری پر بھی اتفاق کرلیا گیا۔

بقیہ 5

کا کہنا تھا کہ چاہتا ہوں اب وزیراعظم سے ملاقات ہو تو وہ لیوی کو ختم کرنے کی طرف جائیں کیونکہ آئی ایم ایف سے بھی ان کی ملاقات ہوئی ہے اب ان کو عوام کو ریلیف دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 150 ارب روپے ماہانہ عوام سے پیٹرولیم لیوی لی جارہی ہے 110 سے 120 ارب روپے ماہانہ غریب سے پیٹرولیم لیوی لی جارہی ہے، 9 اکتوبر کو چارسدہ میں جماعت اسلامی کا بڑا جلسہ ہے پورا پلان موجود ہے ہم فیلڈ میں موجود ہیں ہمارے لوگ بھی آن بورڈ ہیں وزیراعظم کے ملاقات کا انتظار ہے، وزیراعظم نے ریلیف نہ دیا تو ہم ملتان سے ہی مارچ کا آغاز کریں گے۔

بقیہ 6

تازہ ہیں۔ چند لمحوں کے اس ہولناک زلزلے میں 87 ہزار سے زائد افراد جاں بحق، ہزاروں زخمی اور کئی علاقے صفحہ ہستی سے مٹ گئے تھے۔ 8 اکتوبر 2005 کی صبح 8 بج کر 52 منٹ پر رمضان المبارک کے مہینے میں مظفر آباد، باغ، وادی نیلم، چکوٹھی اور دیگر علاقوں میں 7.6 شدت کا قیامت خیز زلزلہ آیا جس میں خیبر پختونخوا (اس وقت صوبہ سرحد) کی 10 سے زائد تحصیلیں صفحہ ہستی سے مٹ گئیں۔ زلزلے کا مرکز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے 95 کلومیٹر دور اٹک اور ہزارہ ڈویژن کے درمیان تھا۔ زلزلے کے نتیجے میں لاکھوں مکانات زمین بوس ہو گئے۔ 2005 میں آنے والے زلزلے میں مظفرآباد کا علاقہ سب سے زیادہ متاثر ہوا جہاں مکانات، اسکولز، کالجز دفاتر، ہوٹلز، اسپتال، مارکیٹیں اور پلازے پلک جھپکنے میں ملبے کا ڈھیر بن گئے۔ اس علاقے میں پچاس ہزار سے زیادہ افراد جاں بحق اور ہزاروں زخمی ہوئے جب کہ پانچ لاکھ افراد بے گھر ہوئے۔ زلزلے کے متاثرین کے عزم و ہمت کو عالمی سطح پر سراہا گیا اور بے پناہ جانی و مالی نقصان کے بعد دنیا بھر سے پاکستان کو مالی امداد دی گئی۔ زلزلے کی قیامت خیز گھڑی میں پاک فوج کے جوانوں نے متاثرہ علاقوں میں پہنچ کر ریسکیو اور بحالی کے لیے دن رات کام کیا۔ آزاد کشمیر کے شہریوں کا کہنا ہے کہ خونی رشتوں کو آنکھوں کے سامنے تڑپتے دیکھنے والوں کے لیے پاک فوج کے جوان امید کی کرن بنے

بقیہ 7

کا معاملہ دوبارہ اٹھا دیا۔ ذیلی کمیٹی کا اجلاس کنوینر اعجاز الحق کی زیر صدارت ہوا، جس میں کمیٹی ارکان نعیمہ کشور، شگفتہ جمانی اور احمد سلیم صدیقی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری مذہبی امور ابرار مرزا سمیت وزارت کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جبکہ کمیٹی کو حج پالیسی 2027 سے 2030 تک کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران ڈی جی حج کا معاملہ ایک مرتبہ پھر زیر بحث آیا۔ کمیٹی ارکان نے سوال اٹھایا کہ ڈی جی حج کو اب تک کیوں نہیں ہٹایا جا رہا؟ اس موقع پر کمیٹی نے ڈی جی حج سے ویڈیو لنک کے ذریعے بریفنگ لینے سے بھی انکار کر دیا۔ سیکرٹری مذہبی امور نے کمیٹی کو بتایا کہ نئے ڈی جی حج کی تعیناتی کا معاملہ زیر غور ہے، تاہم کسی شخصیت کے تبدیل ہونے سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اجلاس میں حج کے دوران مختلف افراد کو نوازنے کے معاملے پر بھی سوالات اٹھائے گئے۔ کمیٹی رکن شگفتہ جمانی نے استفسار کیا کہ بتایا جائے حج میں لوگوں کو کس طرح نوازا جاتا ہے؟ سیکرٹری مذہبی امور نے جواب دیا کہ کسی کو نہیں نوازا جاتا، تاہم اگر اس حوالے سے کوئی اطلاعات موجود ہیں تو وزارت کو آگاہ کیا جائے، متعلقہ معاملے پر کارروائی کی جائے گی۔ شگفتہ جمانی نے تجویز دی کہ میڈیا سے تعلق رکھنے والے افراد کو حج پر لے جایا جائے تاکہ وہ خود دیکھ سکیں کہ وزارت مذہبی امور کی کارکردگی کیسی ہے۔

بقیہ 8

پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک اور مسلم لیگ ن کے رکن آفتاب شیخ نے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی رکنیت سے استعفیٰ دیا تھا۔

بقیہ 9

کی صورتحال اور تاجروں کے جان و مال کے تحفظ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تاجر رہنماں نے ایس ایچ او محمود خروٹی کو ہزارہ ٹاؤن کے تاجروں کو درپیش مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا اور کہا کہ کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ تاجروں کو ایک محفوظ، پرامن اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مارکیٹوں اور تجارتی مراکز میں سیکیورٹی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنانے، تاجروں کے مسائل پر فوری توجہ دینے اور پولیس و تاجر برادری کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا کہ تاجر برادری ملکی اور صوبائی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، اس لیے تاجروں کو درپیش مسائل کا حل اور ان کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور تاجر برادری کے درمیان باہمی تعاون اور مؤثر رابطے سے نہ صرف جرائم کی روک تھام میں مدد مل سکتی ہے بلکہ کاروباری سرگرمیوں کے لیے بھی بہتر ماحول پیدا کیا جا سکتا ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے ہر متعلقہ فورم پر آواز بلند کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی تاجر برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ہزارہ ٹاؤن میں تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے پولیس انتظامیہ عملی اقدامات اٹھائے گی اور تاجروں کو درپیش مشکلات کے ازالے میں تعاون فراہم کیا جائے گا۔ ایس ایچ او ہزارہ ٹاؤن محمود خروٹی نے تاجر وفد کے مسائل غور سے سنے اور یقین دہانی کرائی کہ پولیس تاجروں کے جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں امن و امان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور تاجر برادری کے درمیان مسلسل رابطہ مسائل کے بروقت حل اور جرائم کی روک تھام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ملاقات میں رکن سپریم کونسل الیاس ہزارہ، علی حسن، ناصر علی سمیت دیگر تاجر نمائندگان بھی موجود تھے۔ تاجر رہنماں نے پولیس انتظامیہ کے ساتھ تعاون جاری رکھنے اور علاقے میں امن و امان کے قیام کے لیے مشترکہ کوششوں کو مزید مؤثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 10

ٹانگیں کانپ رہی ہیں۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے باوجود کے پی میں سرکس رچایا ہوا ہے، آئی جی پولیس اور چیف سیکرٹری کو اس لئے بلایا کہ صوبے میں دہشتگردی ہو رہی ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت کل کو نہیں آج ہی میرے خلاف عدالت چلی جائے۔ میں نے آئین کی خلاف ورزی کی ہے تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ میں چیلنج کرتا ہوں، ان کی ٹانگیں کانپ رہی ہیں، یہ ابھی خیبر گئے ہوئے ہیں۔ مجھے خدشہ ہے کہ خیبر سے افغانستان کو نہ نکل جائیں، تاکہ یہ صوابی کی طرف نہ آسکیں، صوابی ان کیلئے پل صراط ہے، یہ مجھے صوابی سے گزر کے دکھائیں۔ اسی طرح وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ یہ بات معلومات کی بنیاد پر بتا رہا ہوں کہ لانگ مارچ کا فیصلہ عمران خان کا نہیں بلکہ سہیل آفریدی نے خود کیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات ان کا ایشو نہیں ہے، اب ہمیں میڈیا پر بتا رہا ہے کہ 27 ستمبر کے لانگ مارچ سے پہلے عمران خان کی بہنوں سے ان کی ملاقاتیں کروائی جا رہی تھیں، یہ ملاقاتیں سرکاری اور غیرسرکاری دونوں سطح پر ہو رہی تھیں، ان میں سے کچھ ملاقاتیں میڈیا کے سامنے ہوئیں اور کچھ میڈیا کے پیچھے ہوئی ہیں۔ اور چیزیں بھی نارمل ہو رہی تھیں مگر یہ لانگ مارچ آ گیا، لیکن جب لانگ مارچ کا فیصلہ کرلیا گیا، مارچ نام پی ٹی آئی ہے لیکن اس کی قیادت ایک صوبے کے وزیراعلیٰ اور صوبائی حکومت کر رہی ہے۔ نام پی ٹی آئی ہے لیکن قیادت خیبر پختونخواہ کی حکومت کر رہی ہے، اس کی قیادت وزیراعلیٰ کر رہا ہے، اگر پی ٹی آئی مارچ ہے تو اس کی قیادت جنیدا کبر کو کرنی چاہیئے۔

بقیہ 11

گیس دی اور کھاد کی قیمت بھی نہیں بڑھی۔ اس دوران اوگرا حکام کا کہنا ہے کہ گیس سیکٹر کا مجموعی گردشی قرض 3 ہزار ارب روپے سے زیادہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف سوئی ناردرن اور سدرن کا گردشی قرض ایک ہزار ارب روپے ہے۔

بقیہ 12

جھگتنا پڑ رہا ہے، اگر صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر اداروں کو درکار فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے کے لیے تیار نہیں تو اس کی نیت پر سوال اٹھتے ہیں۔ بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کے لوگ کہتے ہیں کہ یہ جنگ ڈالرز کی ہے، تاہم خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر فورسز کے اہلکار اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صرف گزشتہ 2 ماہ کے دوران خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں میں 10 اہلکاروں کی شہادتیں سامنے آئی ہیں، شہدا کے نام لینا اس لیے ضروری ہے کہ یہ صرف اعداد و شمار نہیں بلکہ ان خاندانوں اور جوانوں کی قربانیاں ہیں جو ملک اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں دے رہے ہیں۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کے دوران خیبر پختونخوا کی سیاسی قیادت کو بھی اس صورتحال کی سنگینی کا احساس ہونا چاہیے، پولیس، دیگر سیکورٹی فورسز اور کسٹمز کے اہلکار بھی دہشتگردی کے خلاف فرائض انجام دیتے ہوئے شہید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کسٹمز اہلکاروں کی قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شہید انسپکٹر عزیر اعظم گزشتہ سال جولائی میں صوابی میں شہید ہوئے، جبکہ سپاہی محمد راج اور سپاہی جواد خان بھی شہدا میں شامل ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے خیبر پختونخوا پولیس کے شہدا میں کانسٹیبل سیف اللہ خان، شمع خان، ارشاد مانی، کانسٹیبل احمد شاہ اور فرمان اللہ کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دہشتگردی کے خلاف جنگ میں مسلسل قربانیاں دے رہی ہے۔

بقیہ 13

پر اسکول کے ہیڈ ماسٹر طارق لاشاری اور پروجیکٹ ڈائریکٹر امان اللہ رند بھی موجود تھے پروجیکٹ ڈائریکٹر امان اللہ رند نے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں جاری تعمیراتی سرگرمیوں اب تک ہونے والی پیش رفت اور آئندہ کے مراحل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر عمارت کے مختلف حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی رفتار معیار استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کلاس رومز عمارت کے دیگر حصوں بنیادی سہولیات اور مجموعی تعمیراتی امور کا جائزہ لیا انہوں نے متعلقہ حکام سے منصوبے کی تکمیل کے حوالے سے بھی تفصیلات معلوم کیں اور تعمیراتی کام میں درپیش ممکنہ مسائل کے بارے میں آگاہی حاصل کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے ہدایت کی کہ تعمیراتی منصوبے میں معیار اور پائیداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ تعمیراتی کام منظور شدہ ڈیزائن مقررہ تکنیکی معیار اور متعلقہ محکمے کی وضع کردہ ہدایات کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ مستقبل میں طلبہ اور اساتذہ کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اس لیے استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کے معیار کام کی مضبوطی اور مقررہ اسپیسفکیشنز پر خصوصی توجہ دی جائے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور کام کے ہر مرحلے میں معیار کو ملحوظ خاطر رکھا جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ معیاری اور جدید تعلیمی عمارت کی تکمیل سے علاقے کے طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول، مناسب کلاس رومز اور ضروری بنیادی سہولیات میسر آئیں گی انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کا بہتر انفراسٹرکچر طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں اور مجموعی شخصیت سازی کے لیے انتہائی اہم ہے، جبکہ گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول کی نئی عمارت استا محمد میں تعلیمی سہولیات کی بہتری اور تعلیمی معیار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور تعمیراتی کام کی رفتار کے ساتھ ساتھ معیار کو بھی برقرار رکھا جائے ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ استا محمد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی جاری رکھے گی تاکہ عوامی مفاد کے منصوبے شفافیت معیار اور مقررہ مدت کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچائے جاسکیں

بقیہ 14

کی اجلاس میں امن وامان اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی افسران نے منصوبوں کی موجودہ پیش رفت، تکمیل کی صورتحال اور نئی اسکیموں سے متعلق تفصیلات پیش کیں ڈپٹی کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی، جبکہ ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مؤثر سکیورٹی اقدامات یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔*

بقیہ 15

ہیلتھ، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل، ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ سمیت محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کیا اجلاس کے دوران فیز ٹو کے تحت سال 2025 میں مختلف اضلاع کے ہسپتالوں اور مراکز صحت میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے کمشنر نصیرآباد ڈویژن کو طبی عملے کی حاضری، جائے تعیناتی پر موجودگی، فرائض کی انجام دہی اور مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس جائزے کا مقصد بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی مدت تعیناتی میں توسیع کے حوالے سے سفارشات مرتب کرنا تھا اجلاس کے دوران ضلع نصیرآباد، جعفرآباد، استا محمد اور جھل مگسی کے ڈپٹی کمشنرز نے بعض ڈاکٹرز کی کارکردگی اور ان کی جائے تعیناتی پر موجودگی کے حوالے سے عدم اطمینان کا اظہار کیا، جس کے باعث متعلقہ ڈاکٹرز کی مدت تعیناتی میں توسیع فی الحال روک دی گئی کمشنر نصیرآباد نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں تعینات ڈاکٹرز اور طبی عملے کو بہتر رہائشی سہولیات کی فراہمی کیلئے رہائشی عمارتوں کی نشاندہی کرکے پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت ان کی مرمت تزئین و آرائش اور بحالی کے اقدامات کیے جائیں۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے مزید کہا کہ نئے تعینات ہونے والے ڈاکٹرز کو رہائش کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ہسپتالوں میں موجود مناسب عمارتوں یا سرکاری کوارٹرز کو ہیچلر ہاسٹل کی طرز پر تیار کیا جائے، جہاں رہائش کے ساتھ بجلی، پانی، واش رومز اور دیگر ضروری سہولیات میسر ہوں اس اقدام کا مقصد ڈاکٹرز کو رہائش کے مسائل سے نجات دلانا اور انہیں اپنی جائے تعیناتی پر باقاعدگی سے موجود رہنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کر سکیں کمشنر نصیرآباد ڈویژن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صحت کے شعبے میں تعینات ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے، جبکہ غیر تسلی بخش کارکردگی یا جائے تعیناتی سے غیر حاضری کی صورت میں قواعد وضوابط کے مطابق ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 16

ن میں پانچ سے نو سال کی عمر کے تقریباً سات کروڑ بچے جبکہ 10 سے 19 سال کی عمر کے لگ بھگ 10 کروڑ نوعمر شامل ہیں 'ڈبلیو ایچ او ' نے موٹاپے کو دائمی اور بار بار لوٹ آنے والی بیماری قرار دیا ہے جو جسم میں مخصوص حد سے زیادہ چربی جمع ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔ تاہم، موثر اور بروقت نگہداشت کے ذریعے اسے روکا جا سکتا ہے۔ ادارے نے خبردار کیا ہے کہ موٹاپے کا شکار بچوں اور نوعمر افراد کو زندگی کے ابتدائی مرحلے سے ہی طبی اور سماجی مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔

بقیہ 17

کوان کی دہلیز پر معیاری و بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے اقدامات کے تحت اسپتال میں ڈائیلاسز سمیت دیگر ضروری طبی خدمات تسلسل کے ساتھ فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت بلاتعطل جاری ہے اور مریضوں کو مقررہ شیڈول کے مطابق طبی نگرانی میں علاج فراہم کیا جارہا ہے ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے کہا کہ حکومت کی ترجیحات کے مطابق مریضوں کو علاج معالجے کے لیے کراچی یا دیگر دور دراز علاقوں کا سفر نہ کرنا پڑے، اس مقصد کے لیے اسپتال میں ڈائیلاسز سروس کو فعال اور مؤثر رکھا گیا ہے۔ مریضوں کے علاج میں تسلسل، طبی نگرانی اور ضروری سہولیات کی دستیابی کو خصوصی اہمیت دی جارہی ہے جبکہ اسپتال انتظامیہ دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال کے ذریعے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات اور معیاری نگہداشت کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے، اور بروقت تشخیص، علاج اور مریضوں کی بہتر نگہداشت انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا کہنا تھا کہ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ اسپتال گوادر میں صحت کی بنیادی اور ضروری سہولیات کی فراہمی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 18

ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت تحصیلدار حاجی عبدالغفار لہڑی نے کی۔ ریلی شاہی دربار روڈ ہر بوئی روڈ وعوشرخیل اور دیگر شاہراہوں سے ہوتے ہوئے واپس ڈی سی کمپلیکس پر اختتام پذیر ہوا۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں یوم نجات کے مناسبت سے بینرز اٹھائے ہوئے تھے۔ ریلی کے اختتام پر تحصیلدار رفلات اور دیگر مقررین نے ریلی کے شرکاء سے یوم نجات کے مناسبت سے خطاب کیا۔

بقیہ 19

2 اہلکار شہید ہو گئے۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ باندہ داد شاہ داد خان اور ان کا گن مین فرہاد شہید ہو گئے جب کہ ایک راہگیر بھی زخمی ہوا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی گرفتاری کے لئے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 20

فروخت ہو سکتی ہیں۔ محکمہ صحت اسلام آباد کے مطابق کلینکس پر غیر قانونی ادویہ بیچنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، اور ہدایت کی گئی ہے کہ رجسٹرڈ ڈاکٹرز ڈرگ سیلز لائسنس حاصل کریں، ڈسٹری بیوٹرز کلینکس کی غیر قانونی فارمیسیز کو ادویات نہ دیں۔ مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ فارمیسی سروسز وڈرگ کنٹرول ٹیمز احکامات پر عمل درآمد کریں، اور کلینکس پر بغیر لائسنس ادویات بیچنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے، اور رجسٹرڈ کلینکس، میڈیکل اسٹورز، فارمیسیز کی سخت نگرانی کی جائے۔

بقیہ 21

خطاب کرتے ہوئے کہی، جس میں انہوں نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کانفرنس میں ممتاز سفارت کاروں، ماہرین تعلیم، جامعات کے طلبہ اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ کانفرنس میں سفارت کاری اور بین الاقوامی تعلقات میں خواتین کی اہمیت، کردار اور مستقبل کے ساتھ ساتھ زیادہ متوازن عالمی طرز حکمرانی سے متعلق اہم امور پر بھی روشنی ڈالی گئی۔

بقیہ 22

کے خلاف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 9 یونٹس پر جرمانے عائد کیے گئے، 8 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے جبکہ ایک گودام اور ایک جوس مینوفیکچرنگ یونٹ کو سیل کیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ اسپنی روڈ، سی پیک روڈ اور ریلوے سوسائٹی کے علاقوں میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف بیکنگ یونٹس، ہوٹلز، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، جوس سینٹرز اور دیگر فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا۔ اس دوران سنگین خلاف ورزیوں پر دو یونٹس سر بمہر کیے گئے جبکہ ایک فوڈ پوائنٹ پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ کارروائی کے دوران سیل کیے گئے جوس مینوفیکچرنگ یونٹ میں پروڈکٹ رجسٹریشن اور لیبارٹری رپورٹس کی عدم موجودگی، ناقص اسٹوریج، پروسیسنگ ایریا میں واش روم کی موجودگی اور ورکرز کا حفاظتی لباس کے بغیر کام کرنا سامنے آیا، جس پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اسی طرح مصنوعات کی لیبارٹری رپورٹس اور ٹریس ایبلٹی ریکارڈز کی عدم دستیابی، جبکہ جوسز پر تاریخ تیاری اور تاریخ تنسیخ کی ڈبل چیکنگ جیسی خلاف ورزیوں پر ایک گودام کو سر بمہر کیا گیا۔ علاوہ ازیں فوڈ کارنر کے معائنے کے دوران ناقص صفائی، غیر معیاری اسٹوریج، ریئیڈ آئل کے استعمال، نامناسب ریفریجریشن، درجہ حرارت کنٹرول کے مؤثر نظام کی عدم موجودگی اور بی ایف اے لائسنس نہ ہونے پر بھی کارروائی کی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ غیر رجسٹرڈ مصنوعات، ناقص صفائی، غیر محفوظ اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی خلاف ورزی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے قوانین اور بی ایف اے کے مقررہ ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے فوڈ بزنس آپریٹرز پر زور دیا کہ وہ حفظان صحت کے اصولوں، صفائی، مناسب اسٹوریج، درجہ حرارت کے کنٹرول اور مصنوعات کی رجسٹریشن سے متعلق تمام قانونی تقاضوں پر سختی سے عمل کریں۔ ڈی جی بی ایف اے نے واضح کیا کہ فوڈ سیفٹی قوانین اور بی ایف اے ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ عوام کو معیاری، محفوظ اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 23

ذمہ دارانہ طرز عمل پر عوامی و ماہی گیر حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی مچھلی سیزن کے دوران اندرون سندھ اور بلوچستان سے ہزاروں ماہی گیر ڈام کی ساحلی پٹی پر موجود جبکہ ان کی سیکورٹی کے لیے پولیس نفری نہ ہونے کے برابر بتائی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سب ڈویژن وندر کے ساحلی علاقے ڈام میں جھولوں اور دیگر تفریحی سرگرمیوں پر مشتمل ایونٹ کے انعقاد کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ سوال جنم لے رہا ہے کہ ایونٹ کے منتظمین نے دفعہ 144 کے نفاذ کے دوران عوامی اجتماع پر مشتمل سرگرمی کے لیے کس نوعیت کی اجازت اور سیکورٹی انتظامات حاصل کیے ہیں۔ واضح رہے کہ چند ماہ قبل بھی ڈام روڈ پر اسی نوعیت کے ایک تفریحی ایونٹ کے دوران مبینہ طور پر جھگڑے اور ناخوشگوار صورتحال پیدا ہوئی تھی اس کے باوجود دوبارہ بڑے تفریحی اجتماع کا انعقاد کیا جا رہا ہے جبکہ مچھلی سیزن کے دوران اندرون سندھ اور بلوچستان سے ماہی گیروں کی بڑی تعداد ساحلی علاقے میں موجود ہے اور ان کی سیکورٹی کے لیے پولیس نفری محدود بتائی جاتی ہے۔ عوامی و ماہی گیر حلقوں نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر حب، اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن وندر، ایس ایس پی ضلع حب، ایس ایچ او وندر اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے دفعہ 144 پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور منتظمین کی جانب سے مبینہ قانون کی خلاف ورزی پر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 24

کے ہمراہ کچھی کینال فیز ون کا تفصیلی دورہ کیا، واپڈا حکام کے مطابق کچھی کینال فیز ون کا منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے اور آر ڈی 1183 سے آر ڈی 1319 تک کینال کا حصہ محکمہ اریگیشن بلوچستان کے حوالے کیا جاتا ہے، معائنے کے دوران کینال کی مختلف مقامات پر نقائص کی نشاندہی کی گئی جس پر متعلقہ حکام کو مرمتی کام فوری اور معیاری بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی، واپڈا کے سپرنٹنڈنگ انجینئر وحید حسین شیخ نے منصوبے کے تعمیراتی مراحل اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی، اس موقع پر میر ظفر کھوسہ نے کہا کہ کچھی کینال فیز ون بلوچستان کے پسماندہ اور زرعی علاقوں کے لیے انتہائی اہم منصوبہ ہے، کینال میں پانی کی باقاعدہ فراہمی سے لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی کو سیراب کرنے میں مدد ملے گی، بنجر اور غیر آباد زمینوں کو قابل کاشت بنانے کے مواقع پیدا ہوں گے میر ظفر کھوسہ نے کہا کہ محکمہ اریگیشن کسانوں کے وسیع تر مفاد میں نہری نظام کی بہتری اور پانی کی منصفانہ فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہا ہے، کچھی کینال فیز ون میں پانی کی فراہمی سے کاشتکاروں کو زرعی مقاصد میں درپیش مشکلات کا ازالہ ہوگا اور علاقے میں ترقی و خوشحالی کے نئے راستے کھلیں گے جبکہ کسانوں کو نہری پانی کی دستیابی سے ٹیوب ویلوں اور دیگر مہنگے ذرائع آبپاشی پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی، منصوبے سے گندم، گنے، کپاس، سبزیوں اور دیگر فصلوں کی پیداوار میں اضافے کے امکانات روشن ہوں گے جس سے نہ صرف کاشتکاروں کی آمدن میں اضافہ ہوگا بلکہ علاقے میں روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے، زرعی سرگرمیوں کے فروغ سے مقامی منڈیوں، کاروبار، لائیو اسٹاک اور دیگر معاشی سرگرمیوں کو بھی تقویت ملے گی، کچھی کینال بلوچستان میں زرعی انقلاب کی بنیاد بننے کے ساتھ ساتھ غذائی تحفظ اور دیہی معیشت کے استحکام میں بھی اہم کردار ادا کر سکتی ہے،

بقیہ 25

کے زیر انتظام 22 سرکاری دکانات جبکہ ڈسٹرکٹ کونسل کے زیر انتظام 55 دکانات موجود ہیں جن کے موجودہ کرایوں کا از سر نو جائزہ لیتے ہوئے نئے سرے سے کرایہ مقرر کیا جائے گا اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد نے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت جاری کی کہ اپنے اپنے علاقوں میں میونسپل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کونسل کی ملکیت سرکاری دکانات کی موجودہ مارکیٹ صورتحال محل وقوع اور ارد گرد کے کاروباری علاقوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کرایہ کی باقاعدہ اسسمنٹ کرائی جائے ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ اسسمنٹ کا عمل شفاف اور زمینی حقائق کے مطابق مکمل کرکے اس کی رپورٹ آئندہ رینٹ اسسمنٹ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کی جائے، تاکہ سرکاری دکانات کے مناسب اور موجودہ مارکیٹ ریٹ کے مطابق کرایوں کا تعین کیا جاسکے انہوں نے کہا کہ سرکاری املاک سے حاصل ہونے والی آمدن میں اضافے کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، جبکہ دکانات کے کرایوں کا مناسب تعین کرکے حاصل ہونے والی اضافی آمدن کو عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی بہتری اور دیگر ضروری ترقیاتی و فلاحی منصوبوں پر خرچ کیا جاسکتا ہے اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ سرکاری دکانات سے متعلق ریکارڈ، کرایہ داری اور آمدن کے معاملات کو منظم رکھا جائے اور تمام متعلقہ ادارے اس عمل میں باہمی رابطے کے ساتھ کام کریں تاکہ سرکاری وسائل کا بہتر استعمال یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 26

کیا گیا، جس میں ڈسٹرکٹ پولیس کے کانسٹیبلز، CHP کانسٹیبلز اور سابق لیویز کانسٹیبلز سمیت مجموعی طور پر 278 امیدواروں نے حصہ لینے کے لیے رجسٹریشن کرائی۔ امتحان میں 227 امیدوار شریک ہوئے جبکہ 51 امیدوار غیر حاضر رہے۔ امتحان کے نتائج کے مطابق 198 امیدوار کامیاب جبکہ 29 امیدوار ناکام قرار پائے۔ کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز کا سلسلہ 8 اکتوبر سے 10 اکتوبر 2026 تک جاری رہے گا، جس میں امیدواروں کی پیشہ ورانہ اہلیت، کارکردگی اور دیگر مقررہ معیار کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گوادر ایس ایس پی عطاالرحمان خان نے کہا کہ پروموشن کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کو ملحوظ خاطر رکھا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرویو کے مرحلے میں کامیاب اور مقررہ معیار پر پورا اترنے والے اہل امیدواروں کو لوئر کورس اور ضروری تربیت کے لیے بھیجا جائے گا، تاکہ انہیں مزید پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرکے محکمہ پولیس کی استعداد کار میں اضافہ کیا جاسکے۔ ایس ایس پی عطاالرحمان خان نے کہا کہ پولیس فورس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ، باصلاحیت اور پیشہ ور بنانا ترجیحات میں شامل ہے۔ اہلکاروں کی تربیت، پیشہ ورانہ ترقی اور میرٹ پر مواقع کی فراہمی سے نہ صرف پولیس فورس کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا بلکہ عوام کو مزید مؤثر اور بہتر پولیسنگ کی سہولیات بھی میسر آئیں گی۔ ضلع پولیس گوادر کی جانب سے پروموشن کے عمل کو شفاف اور میرٹ پر مکمل کرنے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو پولیس فورس کی استعداد کار بہتر بنانے اور مؤثر، ذمہ دار اور عوام دوست پولیسنگ کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 27

کی اور تعلیمی سرگرمیوں سمیت اداروں میں دستیاب بنیادی سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول بلوچی بازار کے دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ نے یونیسف کے تعاون سے قائم ٹیکنیکل امتحانی مرکز کا معائنہ کیا اور امتحان میں شریک طالبات سے ملاقات کرکے امتحانی امور اور انہیں درپیش مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر طالبات نے اسکول بس کے لیے تیل اور ڈرائیور کی عدم دستیابی کا مسئلہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ بس کے لیے تیل اور ڈرائیور کی سہولت نہ ہونے کے باعث انہیں آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ مقبول انور رند نے طالبات کے مسئلے کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ اسکول بس کے لیے تیل اور ڈرائیور کی فراہمی کے مسئلے کو جلد حل کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ طالبات کو آمدورفت کی بہتر سہولت میسر آسکے۔ اس موقع پر اسکول کی ہیڈ مسٹریس نے مسائل کے حل کی یقین دہانی پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ کا شکریہ ادا کیا اور انہیں بطور تحفہ کھجور پیش کی۔

بقیہ 28

کہ وہ قونصل خانہ بند کر دے گا۔ یہ اقدام مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی بستیوں پر برطانوی پابندیوں کے جواب میں کیا گیا، جنھیں بین الاقوامی قانون کے تحت غیر قانونی سمجھا جاتا ہے۔ 1838 میں قائم ہونے والا برطانیہ اس قونصل خانے کو مقبوضہ بیت المقدس کے علاوہ مغربی کنارے اور غزہ میں فلسطینیوں کے ساتھ تعلقات قائم رکھنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ یہ تل ابیب میں واقع برطانوی سفارت خانے سے الگ ہے، جو اسرائیل کے ساتھ برطانیہ کے سفارتی تعلقات کا بنیادی مرکز ہے۔ اسرائیلی وزیر خارجہ گیڈون سعار نے کہا کہ ملک نے 8 ستمبر کو برطانوی پابندیوں کے جواب میں اعلان کردہ اقدامات پر عمل درآمد کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ یروشلم میں برطانوی قونصل خانہ آج اپنی سرگرمیاں بند کر رہا ہے۔ اسی مناسبت سے یروشلم میں برطانوی قونصل خانے کا سائن ہٹا دیا گیا ہے۔ تاہم جمعرات کی صبح عمارت کے باہر برطانوی پرچم اب بھی لہراتا ہوا دیکھا گیا، جبکہ متعدد اہلکاروں کو عمارت میں داخل ہوتے بھی دیکھا گیا۔ سعار نے تسلیم کیا کہ یہ عمارت برطانوی حکومت کی ملکیت ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اسرائیل نے عمارت میں کام جاری رکھنے کے لیے صرف سات سفارت کاروں پر مشتمل ایک ٹیم کو محدود پیمانے پر سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت دی ہے۔

بقیہ 29

بنی خود مختاری، علاقائی سالمیت، اپنے عوام اور اپنی سلامتی کا دفاع کرے گا۔

بقیہ 30

گیا، جام کمال خان نے لائیو سٹاک کے شعبے میں برطانوی ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ لائیو سٹاک کی پیداوار، ویلیو ایڈیشن اور گوشت کی برآمدات میں اضافے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے کہا کہ پاکستانی زرعی اور غذائی مصنوعات کے لیے عالمی فوڈ سیفٹی اور ریگولیٹری معیارات کی پاسداری انتہائی اہم ہے، اجلاس میں پاکستانی مصنوعات کی عالمی برانڈنگ اور بیرون ملک منڈیوں تک رسائی بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ پنک سالٹ، زیتون کے تیل، فوڈ مصنوعات، ٹیکسٹائل اور سرجیکل آلات کی عالمی مارکیٹنگ کے امور پر بھی تبادلہ خیال ہوا، شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستانی کاروباری اداروں کو اپنے برانڈز متعارف کرا کے عالمی منڈی میں اپنی مصنوعات کی زیادہ قدر حاصل کرنی چاہیے، پاکستانی فوڈ اور ریسٹورنٹ برانڈز کی برطانیہ میں توسیع کے امکانات بھی زیر غور آئے۔ ملاقات میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کیلئے ایئربس اور رولز رائس سے ممکنہ طیاروں اور انجنوں کے انتظامات پر بھی بات چیت کی گئی، پی آئی اے کی فوری ضروریات پوری کرنے کے لیے طیاروں کی لیزنگ جبکہ طویل المدتی بنیادوں پر فلیٹ کو جدید بنانے کے مختلف آپشنز کا جائزہ لیا گیا۔ جام کمال خان نے کہا کہ پی آئی اے کی براہ راست بین الاقوامی پروازیں ایک اہم تجارتی اثاثہ ہیں، مسافروں کا اعتماد بحال کرنے کے لیے پی آئی اے کی سروس، قابل اعتماد آپریشن اور فلیٹ کو جدید بنانا ضروری ہے۔ برطانوی ہائی کمشنر نے پاکستان میں معاشی، ریگولیٹری اور ٹیکس اصلاحات کو سراہا، اس موقع پر جام کمال خان نے کہا کہ ٹیرف ریشنلائزیشن سے مسابقت، خام مال تک رسائی اور سرمایہ کاری کے مواقع میں بہتری آئے گی۔ ملاقات میں اسلامی مالیات کے شعبے میں تعاون اور برطانیہ میں مقیم پاکستانی تارکین وطن کے ساتھ مالی روابط بڑھانے پر بھی غور کیا گیا، معدنیات کے شعبے میں تکنیکی مہارت، پیشہ ورانہ ایکسپلوریشن اور مشترکہ منصوبوں کی ضرورت پر بھی اتفاق کیا گیا، جبکہ برطانوی کمپنیوں کی پاکستان کی مجوزہ منرلز کانفرنس میں شرکت کے امکانات پر تبادلہ خیال ہوا۔ فریقین نے پاکستان کی 80 ویں سالگرہ، جو 2027 میں منائی جائے گی، کو تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور ثقافتی تعاون کو اجاگر کرنے کے لئے استعمال کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 31

فراموش خدمات مشعل راہ ہیں۔ چیئرمین پی پی پی نے مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے بلندی درجات کے لئے فاتحہ خوانی اور قوم قریش غوث پور قریشیاں سمیت تمام لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ 32

پر بھی غور کیا گیا۔ تجارتی معاملات کے فوری حل اور اس سلسلے میں عملی پیش رفت کو یقینی بنانے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس حوالے سے دوسرا اہم اجلاس جلد گوادر میں منعقد کیا جائے گا، جس میں متعلقہ حکام، مقامی تاجر برادری اور کلیئرنگ ایجنٹس اپنے مزید مسائل اور تجاویز براہ راست پیش کریں گے۔ اعلامیے کے آخر میں اس بات کا اعادہ کیا گیا ہے کہ گوادر پورٹ سے زمینی تجارت کو مکمل طور پر فعال بنانے اور ٹرانزٹ ٹریڈ کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کی کوششیں پوری عزم کے ساتھ جاری ہیں۔

بقیہ 33

کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل اور یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔

بقیہ 34

کے لیے تعلیمی ادارے بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ نجی اسکولوں کی انتظامیہ کی جانب سے والدین کو واٹس ایپ گروپس کے ذریعے پیغامات بھیج کر اسکولوں کی بندش سے آگاہ کر دیا گیا تھا۔ دوسری جانب محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا نے واضح کیا ہے کہ صوبے کے سرکاری اسکول معمول کے مطابق کھلے ہیں، محکمہ تعلیم کے مطابق اگر کسی اسکول کی انتظامیہ کو محسوس ہوتا ہے کہ راستوں کی بندش کے باعث طلبہ اور عملے کو مشکلات پیش آسکتی ہیں تو وہ ایک دن کے لیے اسکول بند رکھ سکتے ہیں۔

بقیہ 35

سے سیوی، نصیر آباد، کچھی اور دیگر علاقوں کے شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی اور ریلیف کی فراہمی قابل تحسین اقدام ہے، جس سے عام شہریوں کو اپنے جائز حقوق کے حصول میں مدد مل رہی ہے شہریوں نے وفاقی محتسب کے اعلیٰ حکام اور سیوی ریجنل دفتر کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں غریب صارفین کو بھاری اور غیر ضروری بلوں سے ریلیف ملنا ایک بڑی سہولت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوامی شکایات کے ازالے کا یہ سلسلہ مزید بہتر بنایا جائے تاکہ سیوی سمیت نصیر آباد، جھل مگسی اور دیگر دور دراز علاقوں کے متاثرہ شہری بھی اپنے مسائل کے حل کے لیے آسانی سے رجوع کر سکیں عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ وفاقی محتسب کے ادارے کے ذریعے شہریوں کو بروقت انصاف اور ریلیف کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھے گا۔

بقیہ 36

مطابق اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے 6 اکتوبر کو نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد و اصولوں، کثیرالجہتی نظام اور مذاکرات و سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے پرامن حل کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کا بھی ذکر کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے جموں و کشمیر کے تنازع کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ اور پرامن حل کے لیے پاکستان کے اصولی موقف کا اعادہ کیا۔ انہوں نے سیکرٹری جنرل کو بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل رکھنے کے فیصلے سے بھی آگاہ کیا، جو بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 37

پر دستخط کیے گئے بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن الائنس کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے تحت حاضر سروس اور وفات پا جانے والے ملازمین کے بچوں کو ٹیوشن فیس میں 30 فیصد رعایت دی جائے گی جبکہ پولیس شہداء کے بچوں کے لیے ٹیوشن فیس مکمل طور پر معاف ہوگی۔ اس کے علاوہ داخلہ فیس، امتحانی فیس اور دیگر ادارہ جاتی اخراجات میں بھی خصوصی اضافی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر طاہر علاالدین نے کہا کہ اس شراکت داری کا مقصد پولیس اہلکاروں کے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا اور پولیس خاندانوں کی تعلیمی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کرنا مقصود ہے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف پولیس اہلکاروں کے خدمات کے اعتراف کا عملی مظہر ہے بلکہ ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کی جانب ایک اہم قدم بھی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان پولیس اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت پولیس اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کی معیاری طبی سہولیات کے رعایتی نرخوں، ریڈیالوجی اور دیگر تشخیصی ٹیسٹوں پر 40 فیصد تک رعایت دی جائے گی جبکہ (CHS) کے پینل میں شامل ہسپتالوں میں ہسپتال کے بلوں پر 10 فیصد تک رعایت حاصل ہوگی۔ ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر طاہر علاالدین نے اس موقع پر کہا کہ نجی اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز کے ساتھ ہونے والے یہ معاہدے بلوچستان پولیس کے اہلکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوں گے انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس اپنے اہلکاروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے معاہدے کے تحت پولیس اہلکاروں ان کے والدین اور خاندان کے لیے ڈیجیٹل ہیلتھ کارڈز بھی جاری کیے جائیں گے جن کے ذریعے مختلف طبی سہولیات تک آسان رسائی ممکن ہوگی اس کے علاوہ انہیں ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ کے تعاون سے مخصوص (CHS) مراکز پر ڈرگ اسکریننگ اور ٹیسٹنگ کی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔ طبی سہولیات کے پیکج میں رعایتی او پی ڈی اور کنسلٹنٹ سروسز، میڈیکل کیمپس، ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکہ جات، فرسٹ ایڈ ٹریننگ، ہنگامی طبی امداد اور فارمیسی سروسز پر خصوصی رعایتیں بھی شامل ہیں اس اقدام کا مقصد پولیس اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کو علاج معالجے کے اخراجات کا بوجھ کم کرنا اور انہیں بروقت معیاری اور قابل رسائی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے پولیس فورس کے اہلکاروں نے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کئے جانے والے ان اقدامات کو بلوچستان پولیس اور ان کے خاندانوں کی فلاح کے لئے ایک اہم ریلیف قرار دیا ہے جو کہ ان کی سماجی و معاشی بہبود میں مثبت کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 38

آصف علی زرداری نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے خلاف عزم استحکام کے تحت کارروائیاں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی اور دہشتگردوں اور غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے سہولت کاروں کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 39

و آرائش پر بھاری رقم خرچ کی گئی ہے تاہم مقامی سطح پر پروگراموں کی تیاری اور نشریات کا مقصد پورا نہیں ہو رہا۔ اور بلوچی زبان میں ریڈیو پروگرام علاقے کے عوام کو اطلاعات، آگاہی اور تفریح فراہم کرنے کا اہم ذریعہ رہے ہیں جبکہ ان کے ذریعے مقامی فنکاروں، صداکاروں اور دیگر افراد کو روزگار کے مواقع بھی میسر آتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اب جبکہ عمارت مکمل ہو چکی ہے اور ٹرانسمیٹر نصب ہو چکا ہے مسلک رکھنے کے بجائے خضدار کی مقامی زبانوں میں براہ راست پروگرام نشر کیے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ خضدار کے فروغ کے لیے ریڈیو کا سلسلہ دوبارہ شروع کیا جائے تاکہ مقامی فنکاروں اور دیگر متعلقہ افراد کو روزگار کے مواقع مل سکیں۔

بقیہ 40

کا اظہار جامعہ حاجی محمد خان لہڑی نے نمائندہ سے حنیف بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرکے نوجوانوں کو معاشی طور پر مضبوط بنایا جا سکتا ہے بلکہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرکے صوبے کی ترقی میں ان کا کردار بڑھایا جا سکتا ہے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت اور صوبائی آمدن میں محکمہ ایکسائز کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ صوبائی ریونیو میں اضافہ اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے علاقہ انتخاب میں بنیادی مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا۔ حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے کی پائیدار ترقی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہے ہیں۔ بلوچستان کی عوامی حکومت خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے اور تمام علاقوں میں خطیر فنڈز جاری کر کے ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا گیا ہے جس سے عوام مستفید ہو رہے ہیں۔

بقیہ 41

اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے ساتھ الگ الگ مفاہمتی یادداشتوں (MOU) پر دستخط کیے گئے بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن الائنس کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے تحت حاضر سروس اور وفات پا جانے والے ملازمین کے بچوں کو ٹیوشن فیس میں 30 فیصد رعایت دی جائے گی جبکہ پولیس شہدا کے بچوں کے لیے ٹیوشن فیس مکمل طور پر معاف ہوگی۔ اس کے علاوہ داخلہ فیس امتحانی فیس اور دیگر ادارہ جاتی اخراجات میں بھی خصوصی اضافی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر طاہر علاالدین نے کہا کہ اس شراکت داری کا مقصد پولیس اہلکاروں کے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا اور پولیس خاندانوں کی تعلیمی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کرنا مقصود ہے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف پولیس اہلکاروں کے خدمات کے اعتراف کا عملی مظہر ہے بلکہ ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کی جانب ایک اہم قدم بھی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان پولیس اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت پولیس اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کی معیاری طبی سہولیات کے رعایتی نرخوں، ریڈیالوجی اور دیگر تشخیصی ٹیسٹوں پر 40 فیصد تک رعایت دی جائے گی جبکہ (CHS) کے پینل میں شامل ہسپتالوں میں ہسپتال کے بلوں پر 10 فیصد تک رعایت حاصل ہوگی۔ ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر طاہر علاالدین نے اس موقع پر کہا کہ نجی اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز کے ساتھ ہونے والے یہ معاہدے بلوچستان پولیس کے اہلکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوں گے انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس اپنے اہلکاروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے معاہدے کے تحت پولیس اہلکاروں ان کے والدین اور خاندان کے لیے ڈیجیٹل ہیلتھ کارڈز بھی جاری کیے جائیں گے جن کے ذریعے مختلف طبی سہولیات تک آسان رسائی ممکن ہوگی اس کے علاوہ انہیں ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ کے تعاون سے مخصوص (CHS) مراکز پر ڈرگ اسکریننگ اور ٹیسٹنگ کی سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی۔ طبی سہولیات کے پیکج میں رعایتی او پی ڈی اور کنسلٹنٹ سروسز، میڈیکل کیمپس، ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکہ جات، فرسٹ ایڈ ٹریننگ، ہنگامی طبی امداد اور فارمیسی سروسز پر خصوصی رعایتیں بھی شامل ہیں اس اقدام کا مقصد پولیس اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کو علاج معالجے کے اخراجات کا بوجھ کم کرنا اور انہیں بروقت معیاری اور قابل رسائی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے پولیس فورس کے اہلکاروں نے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کئے جانے والے ان اقدامات کو بلوچستان پولیس اور ان کے خاندانوں کی فلاح کے لئے ایک اہم ریلیف قرار دیا ہے جو کہ ان کی سماجی و معاشی بہبود میں مثبت کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 42

ایڈیشنل ایس ایچ او شمس الدین صاحب، نقیب اللہ ایس آئی، سپاہی محمد عصمت اللہ، سپاہی محمد یوسف، شیغالہ ایس ایچ او محمد یاسین اور ایڈیشنل ایس ایچ او ولی خان سمیت دیگر پولیس اہلکاروں نے کارروائی میں حصہ لیا پولیس ٹیم نے مشترکہ کارروائی کے دوران ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بڑی مقدار میں چوری شدہ تاریں برآمد کرلیں۔ اس کے علاوہ تاروں سے بھری دونوں گاڑیاں، ایک ایکس ٹو ڈی اور ایک پریموں، کو بھی پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس تھانہ بازئی میں باقاعدہ مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جبکہ برآمد شدہ گاڑیوں اور تاروں کو قبضہ پولیس میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے پولیس حکام کے مطابق علاقے میں چوری اور دیگر جرائم کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا، جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 43

پر عملدرآمد سمیت دیگر عوامی امور کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور انتظامیہ تک عوام کی آواز پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر وصحافی ساجد جمالی نے مختلف علاقائی عوامی مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے انتظامیہ کی توجہ اہم مسائل کی جانب مبذول کرائی۔

بقیہ 44

پیپلز پارٹی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں قانون سازی میں حکومت کی حمایت کرے گی، دونوں جماعتوں میں پارلیمانی کمیٹی برائے انتخابی اصلاحات کے قیام پر بھی اتفاق ہو گیا۔ انتخابی اصلاحات کمیٹی میں پارلیمان میں شامل تمام جماعتوں کو نمائندگی دی جائے گی، کمیٹی میں شامل تمام جماعتوں کو دونوں ایوانوں میں تعداد کی بنیاد پر نمائندگی دی گئی۔ آئی ایم ایف کی شرائط پر بلز سمیت 30 مختلف بلز کی منظوری پر بھی اتفاق کرلیا گیا۔

بقیہ 45

کا کہنا تھا کہ چاہتا ہوں اب وزیراعظم سے ملاقات ہو تو وہ لیوی کو ختم کرنے کی طرف جائیں کیونکہ آئی ایم ایف سے بھی ان کی ملاقات ہوئی ہے اب ان کو عوام کو ریلیف دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 150 ارب روپے ماہانہ عوام سے پیٹرولیم لیوی لی جارہی ہے 110 سے 120 ارب روپے ماہانہ غریب سے پیٹرولیم لیوی لی جارہی ہے، 9 اکتوبر کو چارسدہ میں جماعت اسلامی کا بڑا جلسہ ہے پورا پلان موجود ہے ہم فیلڈ میں موجود ہیں ہمارے لوگ بھی آن بورڈ ہیں وزیراعظم کے ملاقات کا انتظار ہے، وزیراعظم نے ریلیف نہ دیا تو ہم ملتان سے ہی مارچ کا آغاز کریں گے۔

وزیراعظم نے لیف بند دیا تو ہم ملتان سے ہی مارچ کا آغاز کریں گے، حافظ نعیم

حکومت نے رابطہ کیا ہے، امید ہے آئندہ دو دنوں میں وزیراعظم سے ملاقات ہو جائے گی، ملاقات کا انتظار ہے

9 اکتوبر کو چارسدہ میں جماعت اسلامی کا بڑا جلسہ ہے پورا پلان موجود ہے، ہمارے لوگ بھی آن بورڈ ہیں، گفتگو

کراچی (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت نے رابطہ کیا ہے ... [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

8 اکتوبر کے ہولناک زلزلے کی 21 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات کا اہتمام، 87 ہزار شہدا کی یاد آج بھی تازہ

اسلام آباد/مظفر آباد (جی این ایم) آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں 8 اکتوبر 2005 کے ہولناک زلزلے کی 21 ویں برسی ... [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

جج صحافی 5 سے زائد مرتبہ کیسے گئے؟

قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں انکشاف

[illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 13 اکتوبر کو طلب

اسلام آباد (جی این ایم) جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 13 اکتوبر کو طلب کر لیا گیا ... [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 8)



[illegible]

بلوچستان پولیس کا اپنے اہلکاروں اور خاندانوں کی فلاح کے لیے تاریخی اقدام

پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن کے اشتراک سے شہدا کے بچوں کی تعلیم مکمل مفت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس نے اپنے اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کے فلاح و بہبود کے لیے دو اہم معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جن کے تحت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں سہولیات اور مالی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں بلوچستان پرائیویٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ژوب، پولیس تھانہ بادنزئی کی کامیاب کارروائی، چوری شدہ تاروں سے بھری دو گاڑیاں برآمد اور ملزمان گرفتار

ایس پی ژوب سید عبدالصبور کی ہدایات پر کارروائی، ایکس ٹو ڈی اور پریمو گاڑیوں سمیت بڑی مقدار میں مال مسروقہ قبضے میں لے لیا گیا

ژوب (یو این اے) ایس پی ژوب جناب سید عبدالصبور کی خصوصی ہدایت پر پولیس تھانہ بادنزئی ایس ایچ او شکور عالم صاحب کی نگرانی میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ تاروں سے بھری دو گاڑیاں، ایک ایکس ٹو ڈی اور ایک پریمو برآمد کر لیں کارروائی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

عوامی مسائل حل کرنا اور سہولیات فراہمی ہماری زمہ داری بنتی ہے' ماریہ شمعون

عوامی مسائل کا حل، صفائی اور سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد انتظامیہ کی ترجیحات ہیں' اسسٹنٹ کمشنر

گنداخہ (اے این این) اسسٹنٹ کمشنر اوستہ محمد محترمہ ماریہ شمعون نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر و صحافی ساجد جمالی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گنداخہ شہر میں صفائی ستھرائی، اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، معیار اور سرکاری نرخناموں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کاشف حیدری کی قیادت میں وفد کی ایس ایچ او ہزارہ ٹاون سے ملاقات

مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی، کاشف حیدری

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کے تاجروں کے ایک وفد نے ایس ایچ او ہزارہ ٹاؤن محمود خروٹی سے ملاقات کی، جس میں علاقے کی تاجر برادری کو درپیش مختلف مسائل، کاروباری مشکلات، امن وامان (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

چیلنج کرتا ہوں یہ مجھے صوابی سے گزر کے دکھائیں، گورنر خیبر پشتونخوا

صوابی ان کیلئے پل صراط ہے، ان کی ٹانگیں کانپ رہی ہیں، مجھے خدشہ ہے کہ یہ خیبر سے افغانستان کو نہ نکل جائیں

اسلام آباد (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے چیلنج کیا ہے کہ چیلنج کرتا ہوں یہ مجھے صوابی سے گزر کے دکھائیں، صوابی ان کیلئے پل صراط ہے، ان کی (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

پاکستان نے خوست و ننگرہار میں پاک فضائیہ کی کارروائی کی خبر جھوٹی قرار دیدی

عالمی میڈیا کی کسی بھی قسم کی نشاندہی کی جاتی ہے کہ وہ مکہ دفاعی معاہدہ کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے

افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت اطلاعات و نشریات نے ... [illegible]

حوثی ملیشیا کے خلاف اب تک 2103 کارروائیاں، 1860 جنگجو ہلاک

کارروائیوں میں حوثی ملیشیا کے متعدد فوجی ٹھکانے تباہ کیے گئے، ترجمان یمنی فوج

صنعا (جی این ایم) ... [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

ڈیڈلاک ختم، پیپلز پارٹی دونوں ایوانوں میں حکومت کی حمایت کرے گی

اسلام آباد (جی این ایم) ... [illegible]

اسمگلنگ روکنے کیلئے پیٹرولیم سپلائی چین کی ڈیجیٹلائزیشن کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) ... [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

[illegible]

خیبر پختونخوا کو حکومت کی نااہلی کا خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے، بلال اظہر کیانی

صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر اداروں کو درکار فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے کے لیے تیار نہیں تو اس کی نیت پر سوال اٹھتے ہیں

دہشتگردی کے خلاف جنگ کے دوران خیبر پختونخوا کی سیاسی قیادت کو بھی اس صورتحال کی سنگینی کا احساس ہونا چاہیے، وزیر مملکت خزانہ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی نے ایک بار پھر سر اٹھا لیا ہے اور صوبے میں دہشتگردی کی صورتحال سب کے سامنے ہے، جس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دن رات دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دے رہی ہے، آج کرک میں بھی ایک ایس ایچ او اور کانسٹیبل کو بیدردی سے شہید کر دیا گیا۔ انہوں نے خیبر پختونخوا حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کی نااہلی کا خمیازہ عوام کو (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

نوجوانوں کو بلا امتیاز روزگار کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، محمد خان لہڑی

محکمہ ایکسائز کی کارکردگی بہتر بنا کر صوبائی ریونیو میں اضافہ کیا جا رہا ہے، صوبائی مشیر کا نمائندہ یو این اے سے انٹرویو

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنما و صوبائی مشیر برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ بے روزگار نوجوانوں کو بلا رنگ و نسل اور مذہب روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان مسلم لیگ عوامی خدمت اور عوامی مسائل کے حل پر یقین رکھتی ہے، جبکہ حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہمارا وژن ہے۔ ان خیالات (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

ریڈیو پاکستان کے ہائی پاور ٹرانسمیٹر کی طویل بندش سے بلوچی اور براہوئی نشریات متاثر

نئے ٹرانسمیٹر کی تنصیب تک انٹرنیٹ اسٹریمنگ کے ذریعے مقامی پروگرام بحال کیے جائیں، فنکاروں کے روزگار کا بھی مطالبہ

اوتھل (یو این اے) ریڈیو پاکستان خضدار کے ہائی پاور ٹرانسمیٹر کی طویل عرصے سے بندش کے باعث مقامی براہوئی اور بلوچی زبان کے پروگراموں کی نشریات متاثر ہوگئی ہیں جبکہ براڈ کاسٹنگ ہاس خضدار کو کوئٹہ کے ساتھ انٹرنیٹ اسٹریمنگ کے ذریعے منسلک کر کے نشریاتی سلسلہ جاری رکھا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق خضدار میں ریڈیو پاکستان کی عمارت کی تزئین (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

صدر مملکت کا فتنۃ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں فتنۃ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنۃ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی میں چار اہم خارجی کمانڈروں سمیت 9 دہشت گردوں کا خاتمہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بہادری کا مظہر ہے۔ جمعرات کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ اسپتال گوادر: ڈائیلاسز سمیت تمام ضروری طبی خدمات کا تسلسل جاری

گوادر کے ہسپتال میں مریضوں کو سہولیات: گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز سروسز فعال

گوادر (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ اسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان کی گوادر صحت عامہ کی پالیسی اور مریضوں (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

قلات میں یوم نجات روایتی جوش و جذبے سے منایا گیا: ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی ریلی کا انعقاد

تحصیلدار قلات کی قیادت میں یوم نجات کی ریلی: مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے ڈی سی کمپلیکس پر اختتام

قلات (خ ن) ملک بھر کی طرح قلات میں بھی یوم نجات قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی یوم نجات کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

بچوں اور نوعمر افراد میں موٹاپے کی شرح میں 4 گنا اضافہ، ڈبلیو ایچ او

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے بتایا ہے کہ 1990 کے بعد بچوں اور نوعمر افراد میں موٹاپے کی شرح چار گنا بڑھ گئی ہے جبکہ پانچ سے 19 سال کی عمر کے بچوں اور نوجوانوں میں یہ شرح دو فیصد سے بڑھ کر تقریباً آٹھ فیصد تک جا پہنچی ہے۔ موٹاپے سے بچاؤ کے بارے میں ادارے کی جاری کردہ نئی رہنمائی کے مطابق 2024 میں دنیا بھر کے تقریباً 17 کروڑ بچے اور نوعمر افراد موٹاپے کا شکار تھے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول اوستہ محمد: ڈپٹی کمشنر کا زیر تعمیر عمارت کا تفصیلی دورہ

اوستہ محمد میں تعلیمی انفراسٹرکچر کی بہتری: ترقیاتی کاموں میں معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول اُستا محمد کی زیرِ تعمیر عمارت کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ مذکورہ تعلیمی منصوبہ پروجیکٹ ڈائریکٹر (پی ڈی) امان اللہ رند کی نگرانی میں تعمیر کیا جا رہا ہے جس کا مقصد طلبہ کو بہتر، محفوظ اور جدید تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے تعلیمی انفراسٹرکچر کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ دورے کے موقع (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

سوراب میں ضلعی رابطہ کمیٹی کا اجلاس: امن وامان اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر سوراب کی زیر صدارت ڈی سی سی کا اجلاس: ترقیاتی کام بروقت مکمل کرنے کی ہدایات

سوراب (خ ن) حکومت بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایف سی بلوچستان 61 ونگ کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلحہ، ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) سلمان علی بلیدی، اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ سمیت تمام ضلعی محکموں کے افسران نے شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس: طبی عملے کی کارکردگی اور حاضری کا جائزہ

نصیر آباد ڈویژن میں صحت کا نظام بہتر بنانے کے اقدامات: ڈاکٹروں کو رہائشی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوا، جس میں سال 2025 میں فیز ٹو کے تحت مختلف اضلاع میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز، اسٹاف نرسز اور دیگر طبی عملے کی کارکردگی، حاضری، جائے تعیناتی پر موجودگی اور فرائض کی انجام دہی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا پاکستان کا تین روزہ سرکاری دورہ مکمل

اسلام آباد (یو این اے) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس 6 سے 8 اکتوبر 2026 تک پاکستان کا تین روزہ سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد پاکستان سے روانہ ہوگئے، سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ نے دورہ کے دوران پاکستان کی قیادت اور اعلیٰ حکام سے وسیع پیمانے پر ملاقاتیں اور بات چیت کی۔ جمعرات کو ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کوئٹہ، صوبائی وزیر سلیم احمد کھوسہ سے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، اراکین صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، میر یونس عزیز زہری، حاجی میر زابد علی ریکی اور حاجی اصغر خان ترین ملاقات کر رہے ہیں

کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او سمیت دو اہلکار شہید، راہگیر زخمی

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او بانڈہ داد شاہ داد خان اور انکا گن مین شہید ہوگئے۔ ڈی پی او کرک عمران خان کے مطابق تھانہ بانڈہ داد شاہ کی پولیس معمول کے گشت پر تھی کہ کوہاٹ اور کرک کی باؤنڈری کے قریب نیو کڑپہ کے مقام پر مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ کرک میں پولیس کی گاڑی پر فائرنگ سے ایس ایچ او سمیت (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

وفاقی محتسب کے فیصلے پر شہری کو گیس کے بل میں 1 لاکھ 90 ہزار روپے سے زائد کا ریلیف مل گیا

عوامی حلقوں کی جانب سے وفاقی محتسب کے اقدام کو سراہا گیا، غریب اور متاثرہ صارفین کے لیے بڑی راحت قرار

سیوی (یو این اے) وفاقی محتسب کے فیصلے پر سیوی کے شہری کو گیس کے بل میں ایک لاکھ 90 ہزار روپے سے زائد کا ریلیف مل گیا، جسے عوامی حلقوں نے وفاقی محتسب کی جانب سے غریب اور متاثرہ صارفین کے لیے اب تک کے بڑے ریلیف میں سے ایک قرار دیتے ہوئے خوش آئند اقدام قرار دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب کے سیوی ریجنل دفتر میں شہریوں کی جانب سے گیس کے زائد اور غلط بلوں سمیت دیگر شکایات کے ازالے کے لیے رجوع کیا جا رہا ہے، جہاں شکایات کی سماعت کے بعد متعلقہ محکموں کو صارفین کو ریلیف فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے جاتے ہیں۔ اسی سلسلے میں سیوی کے ایک رہائشی کو گیس کے بل میں ایک لاکھ 90 ہزار روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا گیا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

لانگ مارچ سے مشکل ہو تو ایک دن اسکول بند رکھے جاسکتے ہیں، محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا

پشاور (جی این ایم) محکمہ تعلیم خیبر پختونخوا نے راستوں کی بندش کے حوالے واضح کیا ہے کہ اگر لانگ مارچ سے مشکل ہو تو ایک دن اسکول بند رکھے جا سکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی لانگ مارچ کی پشاور آمد کے پیش نظر جمعرات کو شہر کے متعدد نجی اسکول بند رہے، اسکول انتظامیہ کے مطابق راستوں کی بندش کے باعث طلبہ اور عملے کو ممکنہ مشکلات سے بچانے (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، غیر معیاری خوراک فروخت کرنے والے یونٹس سیل اور جرمانے عائد

صوبائی وزیر کی ہدایات پر بی ایف اے کی ٹیموں کے چھاپے، جوس مینوفیکچرنگ یونٹ اور گودام سربمہر، متعدد کو نوٹسز جاری

کوئٹہ (یو این اے) ناقص اور غیر معیاری خوراک کے مکمل خاتمے و عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں جاری ہیں۔ صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر کوئٹہ اور ڈیرہ مراد جمالی میں مختلف فوڈ بزنسز (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ڈام بندر میں دفعہ 144 کے نفاذ کے باوجود تفریحی ایونٹ کی تیاریوں پر تشویش کی لہر

مچھلی سیزن کے باعث ساحلی پٹی پر ہزاروں ماہی گیر موجود ہیں، پولیس نفری نہ ہونے کے برابر ہے، ذرائع

وندر (یو این اے) ڈام بندر۔ دفعہ 144 کے نفاذ کی دھجیاں اڑا دی گئیں جھولوں اور دیگر تفریحی سرگرمیوں پر مشتمل ایونٹ کے انعقاد کی تیاریاں جاری منتظمین کے مبینہ غیر (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کچھی کینال فیز ون منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچ گیا، بلوچستان کے حوالے کرنے کی تیاری

کچھی کینال سے لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی سیراب، زرعی ترقی اور خوشحالی کے نئے راستے کھلیں گے

نصیر آباد (خ ن) صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمٰن بلوچ اور چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی کے احکامات کی روشنی میں سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیر آباد مدثر ظفر کھوسہ نے ایگزیکٹو انجینئر کچھی کینال الٰہی بخش گاجانی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

گوادر پولیس کانسٹیبلز کی پروموشن، 198 امیدوار امتحان میں کامیاب

پولیس پروموشن کا عمل میرٹ اور شفافیت کے تحت جاری ہے، ایس ایس پی عطاالرحمان خان

گوادر (خ ن) محکمہ پولیس میں میرٹ، پیشہ ورانہ صلاحیت اور کارکردگی کی بنیاد پر ترقی کے عمل کو یقینی بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گوادر ایس ایس پی عطاالرحمان خان کی نگرانی میں پولیس کانسٹیبلوں کی پروموشن کے لیے ٹیسٹ اور انٹرویوز کا عمل جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع گوادر میں پولیس کانسٹیبلوں کی پروموشن کے لیے 24 ستمبر 2026 کو امتحان منعقد (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ کا تربت کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ، مسائل کا جائزہ

طالبات کے لیے اسکول بس کے تیل اور ڈرائیور کا مسئلہ جلد حل کرنے کی یقین دہانی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ مقبول انور رند نے تربت کے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کیا اور وہاں تعلیمی و انتظامی سہولیات، بنیادی ضروریات اور طلبہ و طالبات کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ مقبول انور رند نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول بلوچی بازار، سید ہاشمی اسکول اور گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول تربت کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ اداروں کے سربراہان اور تدریسی عملے سے ملاقات (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے بلوچستان کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی عبدالرحمٰن بازئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

تنازعات کے حل اور بامعنی مکالمے کے فروغ میں خواتین سفارت کاروں کا کردار ناگزیر ہے، ممتاز زہرا بلوچ

پیرس (یو این اے) فرانس میں پاکستان کی سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے بین الاقوامی تعلقات میں خواتین کے اہم کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی امن، تنازعات کے حل اور بامعنی مکالمے کے فروغ میں خواتین سفارت کاروں کا کردار ناگزیر ہے۔ یہ بات انہوں نے زونٹا کلب انٹرنیشنل کے زیر اہتمام فرانس کے دارالحکومت پیرس میں منعقدہ کانفرنس ویمن ان گلوبل ڈپلومیسی سے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

نصیر آباد میں 77 سرکاری دکانات کے کرایوں کا از سر نو تعین کرنے کا فیصلہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت رینٹ اسسمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سرکاری دکانات کے کرایوں کے از سر نو تعین اور کرایہ کی مد میں حاصل ہونے والی آمدن میں اضافے کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی، چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل نصیر آباد، ایکسین بلڈنگز اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر نصیر آباد سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ میونسپل کمیٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

پشاور، لیڈی ریڈنگ اسپتال سے اغوا شدہ بچہ نوشہرہ سے بازیاب، خاتون گرفتار

پشاور (جی این ایم) پشاور کے لیڈی ریڈنگ اسپتال سے اغوا بچہ نوشہرہ سے بازیاب کرا لیا گیا۔ پولیس کے مطابق لیڈی ریڈنگ اسپتال سے بچے کے اغوا کا واقعہ 30 ستمبر کو پیش آیا تھا جس کے بعد کارروائی کرتے ہوئے اغوا کرنے والی خاتون کو گرفتار کر لیا گیا ہے، مبینہ طور پر خاتون کی اپنی کوئی اولاد نہیں تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بے اولادی کے طعنوں کی وجہ سے ملزمہ نے بچے کو اسپتال سے اغوا کیا، خاتون رکشے کے بعد ٹیکسی میں سوار ہوئی تھی تاہم سیف سٹی کیمروں کی مدد سے رکشے کو ٹریس کیا گیا۔

پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر پلوشہ خان کا مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (یو این اے) پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مخدوم پیر عارف زمان قریشی ایک مخلص، وفادار اور بااصول سیاسی رہنما تھے۔ جمعرات کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک عظیم لیڈر کے انتقال پر اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ پلوشہ خان نے کہا کہ مرحوم مخدوم پیر عارف زمان قریشی ایک مخلص، وفادار اور بااصول سیاسی رہنما تھے جن کی سیاسی و جماعتی خدمات (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

بلاول بھٹو کا مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سینئر سیاستدان مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ جاری تعزیتی پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے پی پی پی کے پنجاب اسمبلی میں سابق رکن مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر ان کے صاحبزادوں بیرسٹر حیدر زمان قریشی اور پیر شبیر زمان قریشی سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مخدوم پیر عارف زمان قریشی ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے، ان کی ناقابل (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ پاکستان ٹریڈ یونین ڈیفنس کمپین کے زیراہتمام کتاب کی رونمائی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آئینی عدالت کا فیصلہ، اسلام آباد میں رجسٹرڈ کلینکس پر بغیر لائسنس ادویات کی سیل پر پابندی عائد

محکمہ صحت کا غیر قانونی میڈیکل اسٹورز اور فارمیسیوں کے خلاف کارروائی کیلئے متعلقہ اداروں کو مراسلہ ارسال

اسلام آباد (جی این ایم) محکمہ صحت نے آئینی عدالت کے فیصلے کی روشنی میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے اسلام آباد میں رجسٹرڈ کلینکس پر بغیر لائسنس ادویات کی سیل پر پابندی عائد کر دی۔ اسلام آباد میں غیر قانونی میڈیکل اسٹورز اور فارمیسیوں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس سلسلے میں محکمہ صحت اسلام آباد نے غیر قانونی میڈیکل اسٹورز کے خلاف متعلقہ اداروں کو مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ مراسلہ اسلام آباد محکمہ صحت کے کوالٹی کنٹرول بورڈ کے سیکریٹری اور سینئر انسپکٹر ڈرگز سردار شبیر احمد نے پی ایم ڈی سی، آئی ایچ آر اے، اور ڈی ایچ او کو جاری کیا ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد میں رجسٹرڈ کلینکس پر ادویہ کی سیل کیلئے لائسنس لازم ہے، رجسٹرڈ کلینکس پر بھی لائسنس کے بغیر ادویات کی فروخت جرم ہے، نیز رجسٹرڈ کلینکس پر محدود مقدار میں ادویات (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کراچی/گوادر: چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ، TIR اور زمینی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور درپیش مسائل کے حل سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ اور زمینی تجارت کے فروغ کے لیے اعلیٰ سطح کا اجلاس

چیئرمین گوادر پورٹ نور الحق بلوچ کی زیر صدارت کراچی میں اجلاس، دوسرا اجلاس جلد گوادر میں منعقد کرنے کا فیصلہ

گوادر (یو این اے) سرکاری اعلامیے کے مطابق چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کی زیر صدارت ڈائریکٹوریٹ جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹم ہاس کراچی میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں گوادر پورٹ کے ذریعے ایرانی ٹرانزٹ، ٹی آئی آر (TIR) اور زمینی تجارتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دینے کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران گوادر پورٹ سے تجارتی سرگرمیوں کی راہ میں حائل مختلف مسائل اور تکنیکی رکاوٹوں کے حل پر سیر حاصل بحث کی گئی۔ اجلاس میں پاکستان کسٹمز، گوادر پورٹ اتھارٹی، چیمبرز آف کامرس کے عہدیداران، تاجر برادری اور کلیئرنگ ایجنٹس کے نمائندگان نے بھرپور شرکت کی اور تجارتی امور کو بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کیں۔ اعلامیے کے مطابق تجارتی سرگرمیوں کو مزید سہل، تیز رفتار اور مؤثر بنانے کے لیے مختلف امور پر گہرا تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ اور ٹی آئی آر سہولت کے بھرپور فروغ کے لیے عملی اور ٹھوس اقدامات (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

مقبوضہ بیت المقدس میں برطانوی قونصل خانے کی سرگرمیاں بند

صرف 7 سفارت کاروں کو محدود سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت

مقبوضہ بیت المقدس (جی این ایم) اسرائیل کا کہنا ہے کہ مقبوضہ مشرقی مقبوضہ بیت المقدس میں قائم برطانوی قونصل خانے سے زیادہ تر سفارت کار واپس چلے جائیں گے، تاہم برطانیہ کا اصرار ہے کہ قونصل خانہ بند نہیں کیا جا رہا اور برطانوی مشن کے طور پر کام کر جاری رکھے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر خارجہ گیڈون سعار نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے ایک بیان میں لکھا کہ ہم نہیں چاہتے تھے کہ بات یہاں تک پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ 20 سفارت کار اور قونصل جنرل اسرائیل چھوڑ دیں گے، جبکہ سات افراد پر مشتمل ایک ٹیم عمارت میں رہ سکتی ہے، لیکن اس کی سرگرمیوں کا دائرہ بہت محدود ہوگا۔ برطانوی وزیر خارجہ ایڈ ملی بینڈ نے جواب میں کہا کہ سکیورٹی وجوہات کی بنا پر بعض اہلکاروں کو عارضی طور پر واپس بلا لیا گیا ہے، تاہم انہوں نے زور دیا کہ یہ مشن فلسطینی عوام کے ساتھ کام کرتا رہے گا۔ اسرائیل نے ستمبر میں کہا تھا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

بھارت پاکستان میں دہشت گردی کیلئے طالبان کی مدد کر رہا ہے، جواد اجمل

بیرونِ ملک ماورائے علاقائی قتل اور ٹارگٹ کلنگ میں بھارت کے کردار سے پوری دنیا واقف ہے

پاکستان اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت، اپنے عوام اور اپنی سلامتی کا دفاع کرے گا، اقوام متحدہ میں پاکستان مستقل مشن کے قونصلر

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کیلئے پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی کی امداد کی آڑ میں بھارت طالبان حکومت کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد حملوں کیلئے مادی اور لاجسٹک معاونت فراہم کر رہا ہے۔ پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے یہ بات بھارتی نمائندے کے ریمارکس پر ردعمل میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت افغانستان کے اندر موجود اپنے پراکسیز کی فعال معاونت کے ذریعے فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) اور فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) جیسے دہشت گرد گروہوں کی مدد اور سرپرستی کر رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بیرونِ ملک ماورائے علاقائی قتل اور ٹارگٹ کلنگ میں بھارت کے کردار سے پوری دنیا واقف ہے۔ جواد اجمل نے کہا کہ پاکستان ا (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

پاکستان، برطانیہ کا آئندہ ٹریڈ ڈائیلاگ میں عملی نتائج کے حصول پر اتفاق

وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی ملاقات، دو طرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امور پر تبادلہ خیال

فریقین میں آئندہ سال پاکستان کی 80 ویں سالگرہ کو تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور ثقافتی تعاون کو اجاگر کرنے کیلئے استعمال کرنے پر بھی اتفاق

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری تجارت جواد پال اور وزارت تجارت کے سینئر حکام بھی شریک ہوئے، جس میں پاکستان اور برطانیہ نے آئندہ ٹریڈ ڈائیلاگ میں عملی نتائج کے حصول پر زور دیا، جبکہ برطانیہ کی جانب سے پاکستان کے ساتھ طویل المدتی سرمایہ کاری شراکت داری کے فریم ورک پر بھی بات چیت کی گئی۔ دونوں جانب سے صحت، آئی ٹی، زراعت، لائیو اسٹاک، مالیاتی خدمات، ہوابازی اور معدنیات سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)